اسم اعظم
کی مدد سے
مشکلات سے نجات
از افادات
سید عبدالحسن شاہ گیلانی
منصور احمد بٹ

اسم اعظم
کی مدد سے
مشکلات سے نجات
از افادات
سید عبدالرحمٰن شاہ گیلانی
ترتیب و تدوین
منصور احمد بٹ

فہرست

حرف آغاز

عزیزی قارئین محترم!

السلام علیکم!

بندۂ ناچیز آپ کی خدمت اقدس میں عملیات قرآنی کی مقدس کتب کے سلسلہ کی ایک اور کتاب پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ بزرگوں کا کہنا ہے کہ اگر ان عملیات اور وظائف کو پوری شرائط اور شرعی امور کی پاسداری کے ساتھ کیا جائے تو عامل کو صد فیصد کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

ان شرائط میں جلالی و جمالی پرہیز، حلال و حرام میں تمیز، مسائل وضو اور نماز وغیرہ شامل ہیں۔ بصورت دیگر بسا اوقات نقصان کا بہت احتمال موجود رہتا ہے۔ ان عملیات کو سرانجام دینے سے پہلے کسی استاد یا مرشد کی راہنمائی حاصل کر لی جائے تو ازحد بہتر ہے۔

زیر نظر کتاب بلند پایہ بزرگان دین اور مستند کتابوں کی مدد سے تیار کی گئی ہے جبکہ اس میں السید عبدالرحمٰن شاہ صاحب کے آزمودہ اور مجرب عملیات اور وظائف بھی شامل ہیں۔

میں امید کرتا ہوں کہ یہ کتاب آپ کی دینی و دنیاوی مشکلات کو دور کرنے میں ممدو معاون ثابت ہوگی۔ اگر آپ کو خدانخواستہ کسی قسم کی مشکل درپیش ہو تو آپ ادارے کے پتے پر جوابی خط لکھ کر شاہ صاحب سے مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

آپ کا خیر اندیش

حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قرآن پاک کی سب سے پہلی آیت ہے۔ بزرگوں کا فرمان ہے کہ جو شخص چاہتا ہے کہ دوزخ کے عذاب سے نجات پائے وہ بسم اللہ شریف کثرت سے پڑھا کرے۔

وضو کرتے وقت بسم اللہ پڑھیں مغفرت ہوگی کھانا کھاتے وقت کوئی چیز لیتے یا اٹھاتے وقت پرچہ امتحان لکھتے وقت غرض کہ ہر کام کی ابتداء کرتے وقت بسم اللہ شریف ضرور پڑھیں برکت

حاصل ہو گی۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص ساری عمر میں ایک لاکھ بار بسم اللہ شریف کامل پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ حرام کر دے گا اور جنت عطا کرے گا۔

آخرت میں بخشش کے لئے

بسم اللہ شریف کو کثرت سے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ مغفرت فرا دیتا ہے اور آخرت میں جنت عطا فرماتا ہے۔

ترقی علم کے لئے

ترقی علم کے لئے ہر نماز کے بعد جتنا زیادہ سے زیادہ ہو سکے بسم اللہ پڑھا کرے تو علم میں اضافہ اور ترقی حاصل ہو گی۔

نور سے دل منور ہو

بسم اللہ شریف جو کوئی ہر جمعہ کے بعد ایک ہزار بار پڑھ لے انشاء اللہ دوسرے جمعہ تک اس کا دل نور سے منور رہے گا۔ وہ دجال کے شر سے محفوظ رہے گا۔

برائے حصول نور

فجر کے بعد روزانہ 786 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھنے سے اللہ

تعالیٰ نور عطا فرماتا ہے۔

جنت کا حصول

روزانہ 786 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دعا کرنے سے اللہ تعالیٰ جنت عطا فرماتا ہے۔

ایمان کی سلامتی اور خاتمہ بالخیر کیلئے

جو شخص روزانہ صبح اٹھ کر سب سے پہلے باوضو حالت میں 101 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ بالا یمان فرماتا ہے یعنی وہ مسلمان کی حالت میں مرتا ہے۔

برائے کشف علوم و تسخیرات

کشف علوم و تسخیر جن و انسان کے لئے مفید ہے جس مہینہ کی پہلی تاریخ کو پنجشنبہ ہو غسل کر کے اس دن روزہ رکھے شام کو جو کی روٹی اور شکر اور کسی قسم کے ساگ سے افطار کرے اور اپنے وقت میں سو رہے جب نصف شب ہو اٹھ کر وضو کر کے روبقبلہ بیٹھ کر بسم اللہ شریف 33 بار پڑھے پھر کانچ کے برتن پر مشک و زعفران و گلاب سے بسم اللہ شریف کو لکھ کر اور آب ژالہ سے دھو کر پئے اور سو رہے۔ سات روز تک اسی طرح اور الحمد

دن بسم اللہ ستر بار پڑھے مگر مکان میں مکمل انتہائی ہو اور عود کی دھونی دے پھر فارغ ہو کر انہی کپڑوں میں سو رہے انشاء اللہ مقصد حاصل ہو گا۔

جن وانس کے شر سے محفوظ رہے

جو بھی شخص سوتے وقت 21 بار بسم اللہ شریف پڑھے اس رات وہ ہر قسم کے ناگہاں حادثات وشر جن وانسان سے محفوظ رہے گا۔

نجات مردہ

بسم اللہ شریف اسم اعظم ہے۔ پیشانی اور سینہ پر پوری بسم اللہ شریف لکھیں باعث نجات مردہ ہے۔

افسر کی ناراضگی دور ہو

جس سے افسر ناراض و خفا ہو وہ بسم اللہ پڑھا کرے یا لکھ کر بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہو جائے گا اور اس کو شفقت اور محبت کی نظر سے دیکھے گا۔

پھل نیا کھائے تو

بسم اللہ شریف پڑھ کر خربوزہ یا کوئی بھی پھل تراشے تو انشاء

اللہ پھل میٹھا اور لذیذ ہو گا۔

برائے امراض قلب

بسم اللہ امراض قلب کے لئے نہایت مجرب ہے اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح لٹکائیں کہ وہ تعویذ عین قلب پر رہے بلکہ اس کو کپڑے یا دھاگے سے باندھ دیں کہ قلب سے نہ ہٹنے پائے۔ انشاء اللہ شفا ہو گی۔

مرض سے نجات

کوئی شخص اپنی زوجہ کو دین مہر سے کچھ زر نقد دے اور وہ عورت اس زر نقد کو لے کر پھر اپنے شوہر کو بخش دے اس زر نقد سے شہد خرید لیا جائے اور اس میں بارش کا پانی ملا کر 1001 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر جس مریض کو پلایا جائے انشاء اللہ شفا ہو گی۔

مرض ہر قسم سے نجات

مریض کے لئے ستر بار بسم اللہ شریف پڑھ کر مریض پر دم کرے تو انشاء اللہ شفاء حاصل ہو گی۔

سر درد سے نجات

جس کو درد سر ہو اس پر تیس مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر

دم کرے انشاء اللہ سر سے درد جاتا رہے گا۔

کسی دشمن سے اگر خوف محسوس ہو

جس کو دشمن سے خوف ہو یا کسی اور طرح کی بلا و مصیبت کا خوف ہو وہ بسم اللہ کثرت سے پڑھا کرے انشاء اللہ دشواری دور ہو جائے گی

صالح اولاد اور رزق حلال کے حصول کیلئے

جمعہ کے روز جب امام سلام پھیرے اسی وقت بسم اللہ شریف 11 مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے دین و دنیا اور اہل و عیال اور اولاد کو آئندہ جمعہ تک محفوظ رکھے گا اور اس کی مال و دولت کی حفاظت ہو گی وہ چوری ہونے سے بھی بچے گا۔

کشائش رزق کے لئے

جو شخص کثرت سے بسم اللہ کو پڑھے اور فرض نمازوں کے بعد اور نوافل کے بعد اور سوتے وقت پڑھا کرے اس کو روزی میں وسعت نصیب ہو اور اس کے مال میں ترقی ہو اور تنگدستی دور ہو گی۔

اولاد کے حصول کیلئے

جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ اس وجہ سے بہت مایوس ہو تو اسے چاہئے کہ ہر نماز کے بعد تین سو مرتبہ بسم اللہ پڑھا کرے انشاء اللہ الرحمٰن الرحیم صاحب اولاد ہو جائے گا۔

تریاق زہر کیلئے

اگر کسی کو زہریلا جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں سات بار بسم اللہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ صحت ہو جائے گی اور زہر زائل ہو جائے گا۔

مفرور کی واپسی

دو رکعت نفل پڑھ کر بسم اللہ کو 220 مرتبہ چالیس روز تک پڑھے جو شخص بھاگ گیا ہو واپس آجائے گا۔

ناف ٹل جانے کا علاج

جس کسی کی ناف ٹل گئی ہو بسم اللہ کو لکھ کر ناف پر باندھے انشاء اللہ صحت ہو جائے گی۔

شر دجال سے حفاظت

ہر نماز کے بعد 1001 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر قبلہ رو

ہو کر دعا مانگنے سے اللہ تعالیٰ دجال کے شر سے محفوظ کر دیتا ہے۔

نجات خوف

جو شخص رات کو ڈرتا ہو یا برے خواب دیکھتا ہو وہ سوتے وقت درود شریف کے بعد بسم اللہ شریف اور آیت الکرسی تین بار پڑھ کر سینہ پر دم کرے انشاء اللہ کچھ خوف نہ کھائے گا اور اگرچہ ڈرتا ہو یا ان پڑھ ہو تو کوئی دوسرا شخص دم کر دے انشاء اللہ نہ ڈرے گا۔

مصیبت دور ہو

جو شخص کسی مصیبت وبلا میں مبتلا ہو بسم اللہ شریف کو پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ مصیبت جاتی رہے گی۔

قوت بصارت میں اضافہ کے لئے

بسم اللہ شریف ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے اپنی آنکھوں پر لگائے۔ انشاء اللہ بصارت میں کمی نہ ہو گی بلکہ جس قدر نقصان ہو گیا ہو گا وہ بھی جاتا رہے گا اور کبھی بھی آنکھ میں سفید و کالا موتیا نظر کمزور نہیں ہو گی

بروز قیامت نور عطا ہو

بسم اللہ شریف کو بعد نماز کے گیارہ بار پڑھ کر انگلی پر دم کر کے پیشانی پر مل دے تو انشاء اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کا منہ نور سے چمکے گا اور اس پر نور برسے گا۔

عذاب قبر سے محفوظ رہے

جو شخص بسم اللہ شریف کو ہمیشہ پڑھتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا اور قبر اس کے لئے کشادہ کر دی جائے گی اور اسے قبر میں کسی قسم کا عذاب نہ ہو گا۔

آسیب کے اثرات سے نجات

جس شخص پر آسیب آتا ہو اس پر 641 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کرے یا لکھ کر بازو پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہو اور پھر کبھی آسیب اس پر اثر انداز نہ ہو۔

شدید پیاس میں کمی ہو

جس کو سفر میں پانی میسر نہ ہو یا ایسے مرض میں مبتلا ہو جس میں پانی کثرت سے پیئے اور پیاس نہ بجھے تو بسم اللہ شریف کو 11 مرتبہ مٹی کے کسی چکنے برتن میں جو تیل یا گھی سے چکنا ہو گیا ہو یا کانچ پر یا

پتھر کے برتن پر لکھ کر باران ربیع کے پانی سے دھو کر ایک شیشی
میں بھر کر تین روز رہنے دیں پھر اس میں سرخ بکری کا دودھ ملا کر
آنچ پر اس کو گاڑھا کریں۔ پیاس لگے تو یہ پانی صبح کے وقت
اور سوتے وقت اسی قدر پیا کریں تو انشاء اللہ شفا ہو گی۔

حسب منشا سودا ہو

جو شخص جانور یا لباس یا میوہ یا کوئی اور چیز خریدنا چاہے اور اس
کو منظور ہو کہ اچھی چیز ملے تو ان چیزوں کو دیکھنے بھالنے کے
وقت بسم اللہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ مرضی کے موافق چیز ملے
گی اور اچھی بہترین چیز ملے گی۔

جانوروں کے امراض کے لئے

جمعہ کے روز جب آفتاب نکلے تو بسم اللہ شریف چھری پر
چالیس مرتبہ پڑھ کر جو جانور کسی قسم کے مرض میں مبتلا اس
چھری پر تھتکار کر اس سے سات مرتبہ اس کو جھاڑے پھر اس
مریض جانور کے اوپر تھتکار دے۔ انشاء اللہ نفع ہو گا۔

شقاوت قلبی دور ہو

جس کا دل کسی سے سخت ہو جائے یا اپنے گھر والوں سے تنگ

کرے اور مزاج بگڑ جائے تو ایک کوری پاک ٹھیکری لے کر
چوب آس سے اس شخص کا نام اس ٹھیکری پر لکھے اور قدرے شہد
جس کو آنچ نہ لگی ہو اور انگوری سرکہ لے کر اس سے 11 مرتبہ
بسم اللہ شریف اس نام کے گرد لکھے اور اس ٹھیکری کو کنویں،
نہر یا پانی والی ٹینکی میں ڈال دے جس سے وہ شخص پانی پیتا ہو،
انشاء اللہ اس شخص کا دل نرم موم کی طرح ہو جائے گا اور اس
کی سخت دلی ختم ہو جائے گی۔

جابر بادشاہ نرم دل ہو

اگر بادشاہ اپنی رعایا سے بگڑ جائے اور سخت گیر ہو تو بسم اللہ
شریف کو 41 مرتبہ کاغذ میں مع بادشاہ اور اس کی ماں کے نام کے
لکھ کر پہاڑ میں کسی اونچی جگہ رکھ دے۔ انشاء اللہ اس کی حالت
درست ہو جائے گی۔

بڑھوتی دودھ گائے یا بکری

اگر گائے یا بکری کا دودھ کم ہو جائے تو کورے تانبے کے
برتن میں 21 مرتبہ بسم اللہ شریف لکھ کر اور پاک پانی سے دھو
کر اس جانور کو پلایا جائے تو انشاء اللہ دودھ بڑھ جائے گا۔

برائے زیادتی پانی کنویں

اگر کسی کنویں یا نہر کا پانی کم ہو جائے تو بسم اللہ شریف کو ٹھیکری پر لکھ کر اس کنویں یا نہر میں ڈال دیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پانی سے بھر جائیں گے۔

برائے نجات نظر

کورے تانبے کی طشت میں بسم اللہ شریف 101 مرتبہ لکھ کر اس کو کندر کی دھونی دے کر ایسے شخص کو جسے نظر لگی ہو غسل دیا جائے تو نظر بد ختم ہو جائے گی اور کبھی بھی کسی کی نظر بد نہیں لگے گی اور وہ ہمیشہ اچھی صحت کا مالک رہے گا۔

اثرات جادو سے نجات

کورے تانبے کے طشت میں بسم اللہ شریف لکھ کر اس کو کندر کی دھونی دے کر پلایا جائے اور گھر میں چھڑک دیا جائے تو جادو کا اثر ختم ہو جائے گا اور اس گھر میں کسی پر جادو کا اثر نہ ہو گا

فالج سے نجات

فالج زدہ شخص کو چاہئے کہ وہ قلعی دار تانبے کا طشت لے اس کو خوب صاف کرے اس میں بسم اللہ شریف 786 مرتبہ گلاب

کے پانی کے ساتھ لکھ کر پانی سے دھولیں اور اس پانی کا اپنے اوپر چھڑکاؤ کرے انشاء اللہ نفع ہو گا۔

ریاح کے مرض سے نجات

جس شخص کو ریاح کا مرض ہو اسے چاہئے کہ بسم اللہ شریف کو 59 مرتبہ قلعی دار تانبے کے طشت میں جو اچھی طرح صاف ہو گلاب اور مشک سے لکھ کر صاف پانی سے دھوئے اور اپنے اوپر اس کا چھڑکاؤ کرے انشاء اللہ اس مرض سے چھٹکارہ حاصل ہو گا۔

لقوہ سے نجات

جو شخص لقوہ میں مبتلا ہو قلعی دار تانبے کا طشت لے کر اس کو خوب صاف کر کے اس میں بسم اللہ شریف 786 مرتبہ مشک و گلاب سے لکھ کر پاک پانی سے دھو کر لقوہ والے کا منہ دھلایا جائے اور منہ دھونے کے بعد اس طشت میں تین گھنٹہ تک رکھے اسی طرح تین روز تک کرے تو انشاء اللہ شفا حاصل ہو گی۔

چوری کے خوف سے نجات

جو شخص بسم اللہ شریف کو صبح و شام اور گھر میں جانے کے

وقت اور بستر پر لیٹنے کے وقت ہمیشہ پڑھا کرے، چوری اور غرق و
جلنے سے محفوظ رہے گا۔ اس کا مال کبھی بھی چوری نہیں ہو گا اور وہ
آگ کے جلنے یا پانی میں غرق ہونے سے بھی بچا رہے گا۔

چوری پکڑی جائے

بسم اللہ کو کورے کپڑے کے گول کٹے ہوئے ٹکڑے پر لکھ کر
اس میں چور کا نام لکھ کر جس مکان میں چوری ہوئی ہو اس کی
دیوار میں میخ سے گاڑ دیا جائے انشاء اللہ چوری شدہ مال واپس
آئے گا۔

شیاطانی وساوس سے نجات

جو شخص بسم اللہ شریف کو 101 مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھا
کرے شیطان کے وسوسہ اور سرکش شیطانوں کے مکروہ ایذا سے
محفوظ رہے گا شیطانی وسوسے کبھی اس کے آس پاس بھی نہ پھٹکیں
گے اور وہ ہمیشہ ان سے محفوظ رہے گا۔ برے خیالات اور برے
خواب سے بھی بچا رہے گا اور شیطانی خیالوں سے بھی بچا رہے گا۔

برائے حصول مال ودولت

جو شخص بسم اللہ شریف کو 786 مرتبہ ہر نماز کے بعد بلاناغہ

پڑھے گا وہ فقیر سے غنی ہو جائے گا اور ایسے طریقے سے رزق
ملے گا کہ اس کو گمان بھی نہ ہو گا۔

دکان ومکان ومال واسباب میں برکت ہو

جو شخص بسم اللہ شریف کو ٹھیکریوں پر لکھ کر غلہ میں رکھ
دے گا اس کا غلہ چوری نہ ہو گا اور اس کے غلہ میں برکت پیدا
ہو گی۔

جو شخص بسم اللہ شریف کو پاک ٹھیکریوں پر لکھ کر دکان یا
مکان میں کسی اونچی جگہ رکھ دے گا تو مکان یا دکان میں برکت
ہو گی اور وہاں کا مال چوری نہیں ہو گا اور نہ ہی کبھی اس میں
نقصان ہو گا۔

ظالم کے ظلم سے نجات

اگر کوئی ظالم دشمن ہو اور اس کو ویران کرنا مقصود ہو تو بعد
استفتاء شرعی کے ہفتہ کے دن ایک ٹھیکری کچی تیار کریں اور
کسی پرانے قبرستان کی تھوڑی مٹی ہفتہ کے دن اور تھوڑی مٹی
کسی ویران گھر کی لیں اور تھوڑی مٹی کسی خالی گھر کی لیں، جس
کے رہنے والے مر گئے ہوں اور بسم اللہ شریف کو 1001 مرتبہ

اس ٹھیکری پر لکھیں اور خوب باریک پیس کر دوسری مٹیوں کے
ساتھ ملائیں پھر ان سب کو ملا کر اس کے گھر میں ہفتہ کے روز
پہلی ساعت میں بکھیر دو تو ظالم دشمن کا گھر ویران ہو جائے گا۔

برائے تقویت قوت حافظہ وذہن

بسم اللہ شریف قوت حافظہ و تیزی ذہن کے لئے مفید ہے
جمعہ کے روز سبز کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر آب نہر جاری
سے دھو کر نہار منہ سات جمعہ تک آفتاب نکلے سے پہلے پئے اور
اس روز کوئی شبہ کی چیز اور کسی قسم کا گوشت نہ کھائے انشاء اللہ
حافظہ تیز ہو جائے گا ذہن کو تقویت ملے گی
جس شخص کو بھولنے کی عادت ہو وہ بھی یہی عمل کرے تو
اس کے ذہن کو قوت حاصل ہو گی اور اس کی یہ بیماری بھی
جاتی رہے گی۔

دفینہ حاصل ہو

جو شخص دفینہ وخزائن پر مطلع ہونا چاہے تو بسم اللہ شریف
کو 786 مرتبہ تانبے کے برتن پر مشک وزعفران سے لکھے پھر
ہلیلہ زرد وآب طوبہ میوہ سبز سے اس کے حرف دھو کر سیاہ

مرغی کا پتہ یا سیاہ بلی کا پتہ اور پانچ مثقال سرمہ اصفہانی لے کر اس
کو پانی میں ملا کر خوب باریک پیسے یہاں تک کہ وہ باریک سرمہ ہو
جائے۔ کانچ کی شیشی میں رکھ کر اور آبنوس کی سلائی سے اس کا
استعمال اس طرح کرے کہ اول جمعرات کو روزہ رکھے نصف
شب کے وقت درود شریف پڑھے اور بسم اللہ شریف ستر بار
پڑھے اور ستر بار استغفار پڑھے پھر ستر مرتبہ درود شریف پڑھے
پھر اسی سلائی سے دونوں آنکھوں میں تین تین سلائی اس سرمہ کی
لگائے اور داہنی آنکھ میں پہلے لگائے اسی طرح سات جمعرات تک
کرے کہ دن میں روزہ رکھے اور رات کو درود شریف واستغفار و
آیات پڑھے اور سرمہ لگائے۔ اس شخص کو اشخاص میں روحانیہ
نظر آئیں گے ان سے جو کچھ پوچھنا ہو پوچھ لے وہ اس کے سوال
کا جواب دیں گے۔

دشمن کے شر سے نجات

جس دشمن کو شرعاً ایذا پہنچانا جائز ہو اس کے بدن کا ایک کپڑا
لے کر اس پر اس کا اور اس کی ماں کا نام سات مرتبہ لکھا جائے اور
اس کے گرد ایک دائرہ کھینچ دیا جائے اسی طرح تین دائرے

بنائے جائیں پھر اس کپڑے کو لپیٹ کر مٹی کے کسی کورے برتن میں بسم اللہ لکھ کر کپڑا رکھ کر ہفتہ کے روز اس کے گھر میں ایسی جگہ دفن کر دیا جائے کہ اس جگہ کسی کا پاؤں آئے انشاء اللہ دشمن غرق ہو گا۔

بچھو کے زہر سے نجات

بارہ مرتبہ بسم اللہ شریف مٹی کے پاک ڈھیلے پر اس طرح پڑھے کہ پہلے ایک ایک مرتبہ پھر تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور جہاں تک لہر چڑھ گئی ہو وہاں حلقہ دے پھر جہاں تک اترتی جائے وہیں تک اس ڈھیلے سے حلقہ دیتا رہے۔ انشاء اللہ فوراً نفع ہو گا۔

لا الہ الا اللہ

اسم اعظم ہے

قرآن کریم جلد از جلد حفظ ہو

564 مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھ کر اگر اللہ تعالیٰ کے حضور حافظ قرآن بننے یعنی قرآن حفظ کرنے کی دعا کرے تو انشاء اللہ قرآن پاک اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حفظ ہو جائے گا۔

برائے زیارت مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم

شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھے ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ لا الہ الا اللہ

پڑھیں تو خواب میں حضور پر نور ﷺ کی زیارت سے مشرف ہو۔

شرک اور فسادات سے محفوظ رہے

لا الہ الا اللہ اس کو صبح و شام پڑھنے سے شرک اور فسادات سے محفوظ رہے اور شیطان کے شر سے بھی محفوظ رہے دجال کے فتنہ اور قیامت کے فسادات سے بھی محفوظ ہو۔

دل میں رقت پیدا ہو

75 مرتبہ لا الہ الا اللہ پاک پانی پر دم کر کے پینے سے قلب میں رقت پیدا ہو۔

حصول علم کے لئے

لا الہ الا اللہ بکثرت پڑھنے سے علم کی باتیں اس کی زبان پر جاری ہوں اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پڑھنے والا بڑا عالم و فاضل بنے اور اپنی دنیا و آخرت دونوں کو سنوارے۔

فن و علم میں ترقی ہو

علم و فن میں ترقی اور سہولت کے لئے العلیم الحکیم کا ورد کیا جائے اور 57 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر پاس رکھا جائے تو علم و فن

میں ترقی و برکت ہو گی۔

حاجت بر آوری

اگر کوئی حاجت درپیش ہو تو الکریم الوھاب ذوالطول کا کثرت سے ورد کیا جائے اور لا الہ الا اللہ لکھ کر پاس رکھا جائے تو وہ حاجت بر آئے گی اور کوئی مشکل نہ رہے گی اللہ تعالیٰ اس مشکل کو آسان فرما دے گا۔

مقبول قلوب ہو

سفید حریر کے کپڑے پر پینتیس بار الودود لکھ کر پاس رکھنے سے لوگوں کے دلوں میں محبوب ہو جائے اس کے ساتھ ساتھ لا الہ الا اللہ کا ورد کرنے سے لوگ اس سے بہت زیادہ محبت کرنے لگیں گے۔

محبوب خلائق

92 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر آب زم زم سے دھو کر پینے والا لوگوں کی نظروں میں محبوب ہو جائے گا۔

قوت حافظہ میں اضافہ

اگر کوئی شخص لا الہ الا اللہ پڑھ رہا ہو اور کوئی دوسرا شخص

اسے سن لے تو سننے والا کا حافظہ تیز ہو جائے گا۔

قبول خلائق بننے کے لئے

مقبولیت عامہ کے لئے باوضو حالت میں مشک و گلاب و زعفران سے ہرن کی جھلی پر 9 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر ٹوپی میں رکھ لے مگر پہنتے وقت بھی باوضو ہو

مال کی حفاظت کے لئے

لا الہ الا اللہ جس گھر میں کثرت سے پڑھا جائے اس گھر کی دولت محفوظ و دائم رہے گی۔

آسیب کے بداثرات سے نجات

لا الہ الا اللہ 69 مرتبہ لکھ کر دیوار پر چسپاں کر دیا جائے تو جہاں چسپاں کیا ہے وہاں آسیب نہیں آئے گا اور اگر وہاں آسیب ہو تو بھاگ جائے گا۔

رزق میں فراخی کے لئے

رمضان شریف کے رویت ہلال کے وقت تیس بار لا الہ الا اللہ پڑھنے سے روزی فراخ ہو جائے گی۔

حفاظت برائے آسیب و موذی جانور

پیدائش کے وقت لا الہ الا اللہ لکھ کر باندھنے سے بچہ تمام آسیب اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

جن و انسان کے شر سے نجات

جو شخص لا الہ الا اللہ 57 مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر رکھے وہ تمام جن و انس کے شر سے محفوظ رہے گا۔:-

آسیب سے نجات

لا الہ الا اللہ : 10 مرتبہ آسیب زدہ پر پڑھ کر دم کرنا مفید ثابت ہوگا اور 41 مرتبہ لکھ کر باندھنا بھی مفید ہوگا۔

مقبول اور ہر دلعزیز ہونے کے لئے

لا الہ الا اللہ 265 مرتبہ لکھ کر آب باراں سے دھو کر اس میں سرمہ پیس کر لگانے سے یا خود اس پانی سے آنکھ دھونے سے سفیدی اور آشوب اور ناخونہ وغیرہ سے نفع ہوتا ہے۔

ظالموں کے ظلم و شر سے نجات

جو شخص 65 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ لوگوں کے شر سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم

سے لوگ اسے نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔

خونی و بادی بواسیر ختم ہو

لا الہ الا اللہ اکثر اوقات خصوصاً ہر نماز کے بعد پڑھا کریں انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر ہر قسم کی دور ہو جائے گی اور کان کے درد وغیرہ پر پڑھ کر دم کریں تو درد دور ہو جائے گا۔

درد زہ و مرگی ختم ہو

چاند کی ابتدائی تاریخوں میں جو جمعہ آئے صبح کی نماز کے وقت جمعہ اول کے روز لا الہ الا اللہ 41 مرتبہ کاغذ پر لکھ کر تھوڑے پانی میں حل کر دیں اور پانی میں چاندی کی انگشتری جو مریض کے بائیں ہاتھ کی چھنگلی میں پوری ہو آگ میں پہلے خوب گرم کر کے بجھا دیں۔ اگر یہ انگشتری مرگی والا پہنے تو مرگی سے نجات پائے گا درد زہ کے وقت حاملہ بائیں ران پر باندھے پیدائش آسان اور جلد ہو گی۔

کھانسی سے نجات

جو شخص ہر نماز کے بعد با وضو حالت میں 41 لا الہ الا اللہ پڑھے گا وہ کھانسی سے محفوظ رہے گا اور اگر لکھ کر آب باراں سے

دھو کر پئے گا تو اس کی کھانسی ختم ہو جائے گی۔

پیچیش سے نجات

لا الہ الا اللہ 11 مرتبہ لکھ کر پینے سے پیچش دفع ہو جاتی ہے اور مریض صحت مند اور تندرست ہو جاتا ہے۔

جملہ امراض سے نجات

76 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر آب زم زم سے دھو کر پینے والا ہر قسم کے مرض سے دور رہے گا۔

کشتی کے پانی میں غرق ہونے سے حفاظت

اگر کوئی شخص کشتی میں سفر پر جانے لگے اور کشتی میں سوار ہونے لگے تو سوار ہونے سے پہلے اسے چاہئے کہ وہ 21 مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھ لے سارا سفر آرام و سکون کے ساتھ کٹے گا اور وہ کشتی ڈوبنے بچی رہے گی۔

حمل کی حفاظت اور زیادتی دودھ ہو

11 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر اس عورت کو پلایا جائے جسے دودھ نہ آتا ہو یا بہت کم آتا ہو تو عورت کا دودھ بڑھے گا اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حمل بھی محفوظ رہے گا۔

بے گناہ قیدی رہا ہو جائے

لا الہ الا اللہ اگر قیدی ہمیشہ اس کو پڑھا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ جلدی رہائی پائے گا۔

بحفاظت سفر

اگر کوئی مسافر سفر شروع کرنے سے پہلے لا الہ الا اللہ 11 مرتبہ پڑھ لے تو اس کا سفر پر امن اور آرام دہ کٹے گا۔

بچھوؤں سے نجات

لا الہ الا اللہ 52 مرتبہ اگر پڑھ کر پانی پر دم کیا جائے اور وہ دم کیا ہوا پانی بچھو پر چھڑک دیا جائے تو بچھو فوراً مر جائے گا۔

دشمن زیر ہو جائے

51 مرتبہ لا الہ الا اللہ ہرن کی جھلی پر لکھ کر باندھنے سے دشمن کے ساتھ کسی قسم کے بھی مقابلے میں غالب آئے۔

عزت و وقار کا حصول

جمعہ کے روز قبل از نماز جمعہ 49 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر عمامہ کے اندر رکھنے سے لوگوں میں وجاہت اور عزت بڑھے گی اور ان کے دلوں میں آپ کے لئے محبت پیدا ہو گی۔

دشمن کے شر سے نجات

59 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر پاس رکھنے سے دشمن کے ہتھیار سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہو گا اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے بھی حفاظت فرمائے گا۔

بخار سے نجات

91 مرتبہ لا الہ الا اللہ کو لکھ کر پاس رکھنے سے بخار دور ہو جاتا ہے اور مریض صحت مند اور تندرست ہو جاتا ہے۔

ورم سے نجات

ورم دور کرنے کے لئے 67 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر مریض اپنے پاس رکھے انشاء اللہ ورم دور ہو جائے گا۔

درد سے نجات

لا الہ الا اللہ کثرت سے مریض کے پاس پڑھنے سے اس کو نیند اور سکون حاصل ہوتا ہے اور مریض جلدی ٹھیک ہو جاتا ہے۔

غلہ کی حفاظت کے لئے

61 مرتبہ لا الہ الا اللہ کو لکھ کر غلہ میں رکھنے سے غلہ ہر قسم کے نقصان سے بچ جاتا ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ برکت عطا

فرماتا ہے۔غلہ کے کیڑوں کے لئے بھی مفید ہے۔

خواب میں انکشاف ہونا

اگر کسی بات کا خواب میں دیکھنا منظور ہو تو باوضو بستر پر لیٹ کر لا الہ الا اللہ کے ساتھ النور الباسط بکثرت پڑھے خواب میں اس کا انکشاف ہو جائے گا۔

درد سر اور بلغم سے نجات

ذوالقوہ اور لا الہ الا اللہ کو جمعہ کی دوسری ساعت میں چھ بار لکھ کر جس کو خشکی سے درد سر ہو اس کے باندھنے سے نفع ہوتا ہے اور ساعت مذکورہ میں چاندی کے نگین پر منقش کر کے منہ میں رکھے سے بلغم میں تخفیف ہوتی ہے غلبہ نسیان بھی اس سے دفع ہو جاتا ہے۔

خواب میں کسی کا حال معلوم کرنا

الھادی الخبیر المبین نصف شب کے وقت اس کا کثرت سے ورد کرے اور ہر سو بار کے بعد کہے اھدی یاہادی واخبرنی یا خبیر وبین لی یا مبین اور جس چیز کا حال دریافت کرنا ہو اس کا نام لے جب نیند غالب ہو تو لا الہ الا اللہ کا ورد کرتا سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ

خواب میں اس شے کا محال معلوم ہو جائے گا۔

ہر قسم کے درد سے نجات

کسی قسم کے درد میں سکون حاصل کرنے کیلئے 71 مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا اور سکون حاصل ہو گا۔

مرگی سے نجات

مرگی ختم کرنے کے لئے مرگی کے مریض پر 66 مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھ کر دم کرنے سے مرگی ختم ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم کرے گا۔مرگی کے علاوہ بھی یہ سورۃ بخار 'نزلہ' زکام کھانسی 'کسی قسم کی بھی درد اور آنکھوں کی بیماری کیلئے بہت مفید ہے۔

بے خوابی سے نجات

لا الہ الا اللہ 11 مرتبہ پڑھ کر پھونک مارنے سے جس شخص پر پھونک ماری گئی ہو اسے نیند آجائے گی۔

آنکھوں کے درد سے نجات

17 مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھ کر آشوب پر تین روز تک روزانہ

دم کرنے سے اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم کرے گا اور آرام آجائے گا آنکھیں نہ تو دکھیں گی اور نہ ہی بینائی کمزور ہو گی۔

حمل و بچہ محفوظ رہے

55 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر حاملہ کے باندھنے سے حمل محفوظ رہے گا اور بچہ ہر قسم کی آفت و بلا سے محفوظ رہے گا اگر بچہ پیدا ہونے کے وقت اس کا پڑھا ہوا پانی منہ میں لگا دیں تو اس کو ذکاوت حاصل ہو اور ہر مرض اور ہر آفت سے جس میں بچے مبتلا ہو جاتے ہیں محفوظ رہے اور اگر روغن زیتون پر پڑھ کر بچے کو مل دیا جائے تو بہت فائدہ بخش ہے اور سب حشرات اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے اور یہ تیل عام جسمانی دردوں کے لئے بھی مفید ہے۔

احتلام و بد خواب سے نجات

لا الہ الا اللہ بکثرت پڑھنے سے ہر قسم کی حاجت روا اور غم دور ہو جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنا کرم فرماتا ہے۔

قیدی کی رہائی

اگر قیدی لا الہ الا اللہ بکثرت پڑھے تو باآسانی رہائی پائے اور

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کا مستحق ہو گا۔

افسر نقصان نہ پہنچا سکے

لا الہ الا اللہ پڑھ کر یا باندھ کر افسر کے دفتر میں جانے سے اس کے شر سے محفوظ رہے گا اور حاکم اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

دشمن کے شر سے حفاظت

لا الہ الا اللہ بکثرت پڑھنے سے دشمن کے ضرر سے محفوظ رہے اور دشمن کے شر سے بھی محفوظ رہے اس کے پڑھنے سے دشمن کے تمام وار خالی جائیں۔

آنکھ میں درد جالا سے نجات

لا الہ الا اللہ پڑھ کر آنکھ پر دم کرنے سے تقویت بصر ہو اور آنکھ کا درد اور جالا دور ہو۔ اس کو پڑھ کر آنکھ پر دم کرنے سے بینائی بھی تیز ہو۔

دیمک سے نجات

لا الہ الا اللہ کسی ذخیرہ کی ہوئی چیز پر 41 مرتبہ پڑھ دے تو دیمک اور دوسرے کیڑے مکوڑوں سے محفوظ رہے۔

بچے کا دودھ آسانی سے چھڑانے کیلئے

لا الہ الا اللہ 18 مرتبہ لکھ کر بچے کو باندھ دی جائے تو بچہ بآسانی دودھ چھوڑ دے گا۔

کان کی گونج کے لئے

کان میں گونج پیدا ہو جائے تو لا الہ الا اللہ پڑھ کر دم کرنے سے زائل ہو جاتی ہے۔

بواسیر ہر قسم کا خاتمہ

جس شخص کو کسی قسم کی بھی بواسیر ہو تو اسے چاہئے کہ وہ لا الہ الا اللہ بکثرت پڑھے انشاء اللہ بواسیر ختم ہو جائے گی۔

اولاد نرینہ حصول

اگر کسی کو اولاد نرینہ کی خواہش ہو تو اسے چاہئے کہ وہ شروع مہینہ حملے میں عورت کی داہنی پسلی پر 54 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ پیدا ہو گی۔

زہر کے اثر سے نجات

کھانا کھانے سے پہلے لا الہ الا اللہ پڑھ کر کھانے پر دم کرنے سے اس میں اگر زہر ہو تو محفوظ رہے۔

اولاد صالح کا حصول

56 مرتبہ لا الہ الا اللہ وسط شب میں پڑھ کر جماع کرنے سے نیک بخت اولاد پیدا ہوتی ہے اور ماں باپ کے لئے باعث فرحت و سکون بھی ہوتی ہے۔

موذی جانوروں سے نجات

11 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر ولادت کے وقت بچہ کے باندھ دینے سے سب موذی جانوروں اور پیچش سے محفوظ رہے۔

مرگی سے نجات

اگر کسی کو مرگی کی بیماری ہو تو دوسرے کسی شخص کو چاہئے کہ لا الہ الا اللہ مریض کے کان میں بکثرت پڑھے انشاء اللہ شفاء ہو گی اور مرگی دفع و ختم ہو جائے گی۔

غشی و بے ہوشی ختم ہو

لا الہ الا اللہ بے ہوشی یا غشی والے شخص کے کان میں بکثرت پڑھنے سے وہ ہوش میں آجاتا ہے اور غشی دور ہو جاتی ہے اگر کوئی کسی پریشانی کی وجہ سے بے ہوش ہو گیا ہو تو بھی بہت مفید ہے اور اگر کوئی زہریلی چیز کی وجہ سے بے ہو ہو گیا ہو تو بھی اسے ہوش

میں لانے کے لئے بہت مفید ہے۔

بخار ختم ہو جائے

30 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر صاف پانی میں ڈال دیں اور یہ پانی مریض کو پلایا جائے تو بخار ختم ہو جاتا ہے۔

گمشدہ واپس آجائے

جس کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو یا کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو 1008 مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھنے سے وہ واپس آجائے۔

درد قلب سے نجات

لا الہ الا اللہ 75 مرتبہ پڑھ کر سینہ پر دم کرنے سے درد قلب اور سینہ کے تمام جملہ امراض دور ہو جاتے ہیں۔ دل میں سوراخ ہو تو بھی یہ طریقہ مفید ہے اور اگر دل گھبرا جائے تو بھی اسے پڑھ کر سینہ کی طرف پھونک مار لینے سے گھبراہٹ ختم ہو جاتی ہے۔

پتہ اور مثانے کی پتھری سے نجات

لا الہ الا اللہ 46 مرتبہ سادہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں دھو کر اس پانی کو پینے سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے نکل جاتی

ہے اور سکون و راحت ملتی ہے۔

غلہ کی حفاظت

لا الہ الا اللہ غلہ کی کوٹھی میں بکثرت پڑھ کر دم کرنے سے حفاظت ہوتی ہے اور ضرر رساں جانوروں سے بچت رہتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے برکت بھی ہوتی ہے۔

سفر بحفاظت رہے

لا الہ الا اللہ لکھ کر سفر میں ساتھ رکھنے سے گھر آنے تک ہر قسم کی آفات بری و بحری سے محفوظ رہے اور جس مقصد کے لئے سفر کرے اس میں کامیابی حاصل ہو۔

لقوہ سے نجات

لا الہ الا اللہ نئے طشت میں 11 مرتبہ لکھ کر اس کو پینے سے لقوہ ختم ہو اور مریض صحتمند اور تندرست ہو۔

برائے وسعت رزق

لا الہ الا اللہ کا بکثرت پڑھنا روزی کو بڑھاتا ہے اور روزی میں برکت پیدا ہوتی ہے۔

درد سر و درد شقیقہ سے نجات

بعد نماز عصر 65 مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھ کر درد سر پر دم کرنے سے سر درد اور درد شقیقہ ختم ہو جاتا ہے۔

مال و دولت آفت سے محفوظ رہے

جب کوئی شخص مال و دولت جمع کرے تو اسے چاہئے کہ وہ 97 مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھ کر مال پر دم کرے تو مال و دولت ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

نظر بد کے اثر سے نجات

جس کو نظر بد لگ گئی ہو تو اس پر لا الہ الا اللہ 60 مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو نظر بد ختم ہو جاتی ہے اور جس کو نظر لگی ہو وہ صحت مند اور تندرست ہو جاتا ہے۔

دشمن پر غلبہ ہو

دشمن کے ساتھ مقابلے سے پہلے 7 مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھ لیا جائے تو بفضل خدا دشمن پر غلبہ حاصل ہو۔

زہر شدہ کھانے سے حفاظت

لا الہ الا اللہ کھانے پر دم کر کے کھانے سے ہر قسم کے ضرور-

تخمہ وغیرہ سے محفوظ رہے اور درد گردہ کو بھی نفع ہو۔

سامان کی حفاظت

اگر استعمال کی چیزوں پر لا الہ الا اللہ پڑھ کر دم کیا جائے تو وہ محفوظ رہیں گی اور بفضل خدا ان چیزوں میں برکت پیدا ہو۔

مچھلی کا شکار زیادہ ہو

لا الہ الا اللہ رانگے پر کندہ کر کے جال میں لگائے تو اس میں بہت سی مچھلیاں پھنس جائیں گی۔

دفع درد اور انجام بخیر

لا الہ الا اللہ 11 مرتبہ اگر درد کی جگہ لکھ کر باندھ دیا جائے تو درد ختم ہو جائے گا اور انجام بعافیت ہو گا۔

ہر قسم کے مرض سے نجات

لا الہ الا اللہ 53 مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور صاف پانی میں دھو کر مریض کو پلایا جائے تو مریض صحت مند ہو جائے گا۔

جادو کے اثر سے نجات

لا الہ الا اللہ 101 مرتبہ پڑھ کر سحر زدہ شخص پر دم کر دیا جائے یا دھو کر سحر زدہ شخص کو پلا دیا جائے تو سحر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

آفت و بلا سے نجات

لا الہ الا اللہ پڑھ کر دم کرنے سے یا لکھ کر صاف پانی میں دھو کر پلانے سے ہر قسم کی آفت و بلا سے حفاظت ہو گی۔

درد شقیقہ سے نجات

لا الہ الا اللہ لکھ کر سر پر باندھا جائے تو آدھے سر کا درد ختم ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرماتا ہے۔

غلہ کی حفاظت

غلہ کی کوٹھی میں لا الہ الا اللہ 41 مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے برکت ہو اور ضرر رساں جانوروں سے حفاظت رہتی ہے۔

سفر محفوظ گزرے

سفر میں 49 مرتبہ لا الہ الا اللہ لکھ کر پاس رکھنے سے گھر آنے تک ہر قسم کی آفات بری و بحری سے محفوظ رہے اور جس مقصد کے لئے سفر کرے اس میں کامیابی حاصل ہو اور سفر میں ہر قسم کا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

مثانے اور پتے کی پتھری سے نجات

لا الہ الا اللہ 73 مرتبہ سادہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں دھو کر اس پانی کو پینے سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے نکل جاتی ہے اور سکون و راحت ملتی ہے۔

اللہ اسم اعظم ہے

اللہ اسم اعظم ہے اس کے بہت سارے فوائد ہیں۔ اٹھتے بیٹھتے، کھاتے پیتے، ہر نماز کے بعد صبح اٹھ کر، سونے سے پہلے اور ہر وقت یااللہ کا ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ دنیا میں عزت و وقار عطا فرماتا ہے اور آخرت میں جنت۔ اس اسم کا کثرت سے ورد کرنے والے کی روزی میں اضافہ ہوتا ہے اور غیبی امداد حاصل ہوتی ہے۔ اس اسم کا ہر وقت ورد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ اپنے عزیز بندوں میں شمار کرتا ہے۔

خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت کرنا

جو شخص سورۃ مزمل کے ساتھ یاحی یاقیوم اور یااللہ کا ہمیشہ

ورد رکھے گا وہ خواب میں حضور ﷺ کی زیارت مبارکہ کا شرف حاصل کرے گا۔

برائے قبولت دعا

روزانہ 101 مرتبہ اسم یااللہ کا ورد کرنے سے ہر دعا قبول ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری فرماتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت حامل ہو

298 مرتبہ یااللہ یارحمٰن بعد از نماز فجر پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر رحمت فرمائے اور دل کو روشن فرمائے گا۔

آخرت کی منزلیں آسان ہو

جو شخص روزانہ 258 مرتبہ یااللہ یارحمٰن یارحیم پڑھے گا وہ سکرات و قبر و پل صراط کی منزلیں آسانی سے طے کر سکے گا۔

رزق میں برکت کیلئے

رزق یا زیادتی معاش کے واسطے جمعہ کے روز جب سب نماز سے فارغ ہو جائیں تو 786 مرتبہ اسم یااللہ لکھ کر دکان یا مکان میں رکھنے سے رزق میں بہت زیادہ اضافہ ہوتا ہے اور مال و دولت میں برکت ہوتی ہے۔

توفیق توبہ کے لئے

جمعرات کے روز عروج ماہ میں نیا کرتہ پہن کر دو رکعت شکرانہ کے (کہ لباس نیا پہنا) پڑھے۔ پھر اسم یااللہ 89 مرتبہ کانچ کے برتن پر روغن چنبیلی سے لکھ کر گلاب سے دھو کر وہ تیل اپنے چہرے پر ملیں پھر زیتون کے پتے پر اسم یااللہ لکھ کر اس کرتے کے گریبان میں رکھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کو پہننے والے کو ہمیشہ توفیق توبہ اور اطاعت کی رہے گی۔

سحر و زہر سے حفاظت کیلئے

اسم یااللہ زہر و چشم بد و سحر کے دفع کرنے کے لئے بہت مفید ہے جو شخص اس کو انگور سبز کے عرق اور زعفران سے لکھ کر اولے کے پانی سے دھو کر غسل کرے چشم بد جادو اس سے دفع ہو اور جو کھانے میں ملا کر کھائے تو زہر سے مامون رہے اور سحر اور نظر بد سے بھی محفوظ رہے۔

ظالم کی قید دراز ہو

اگر کوئی ظالم شخص کسی کی قید میں ہو اور اس کی قید کی میعاد بڑھانا مقصود ہو تو اسم یااللہ کو 32 مرتبہ سرخ رنگ کی جھلی پر

لکھے اور اس شخص کا نام مع اس کی والدہ کے لکھے اور قید خانہ کے دروازے میں دفن کرے، قید دراز ہو جائے گی۔

رقت قلب حاصل ہو

جس شخص کے دل میں قساوت پیدا ہو جائے اور وہ وعظ و کس نصیحت کا اثر نہ ہوتا ہو اور سائل کو دینے کی اور نیک کاموں کی توفیق و رغبت نہ رہی ہو تو خالص جو کی ٹکیہ بے نمک طلوع آفتاب سے قبل پکا کر اس پر یااللہ سات مرتبہ نوتراشیدہ قلم سے لکھے اور اس روز روزہ رکھے اور شام کو اسی ٹکیہ سے افطار کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قلب میں رقت پیدا ہو گی۔

آفت و سر درد سے نجات

رمضان کی ستائیسویں تاریخ کو ایک پرچہ پر 100 مرتبہ یااللہ لکھ کر انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے رکھے تو ہمیشہ محفوظ شاداں و فرحاں اور منصور و مظفر رہے گا اور انشاء اللہ کسی بھی قسم کی آفت اور سر درد سے نجات حاصل ہو گی۔

برائے الفت و محبت

نوتراشیدہ قلم سے مٹھائی پر 11 مرتبہ یااللہ لکھ کر جن لوگوں میں بغض و عداوت و نااتفاقی ہو ان کو کھلانے سے الفت و محبت و

اتفاق پیدا ہو جائے اسی طرح خرما یا انجیر یا بیر پر لکھ کر کھلانے سے بھی اثر ہوتا ہے۔

میاں بیوی میں اگر کسی وجہ سے ناچاقی ہو جائے تو یہ عمل ان کے لئے بھی مفید ہے۔

سانپ اور بچھوئوں سے حفاظت کے لئے

محرم کی پہلی تاریخ کو یااللہ 49 مرتبہ کاغذ پر لکھ کر اور پانی سے دھو کر وہ پانی جس گھر کے گوشوں میں چھڑک دیا جائے وہ سانپ اور بچھو اور موذی جانوروں سے سلامت رہے۔

حمل و بچہ کی حفاظت کے لئے

اسم یااللہ حفاظت حمل اور بچوں کو آفات و تغیرات اور عیوب اور نظر بد سے محفوظ رکھنے کے لئے ہے۔ 576 مرتبہ یااللہ گلاب اور زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر حاملہ عورت کی داہنی کوکھ پر باندھ دیں، وضع حمل تک بندھا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام آفات سے محفوظ رہے گی اور بچہ بھی ہر مشکل و آفت سے محفوظ رہے گا۔

برکت برائے رزق حلال

جمعرات کے روز باوضو کسی طالعمند آدمی کے کرتہ کے ٹکڑے پر 186 مرتبہ یااللہ لکھ کر دکان یا مکان یا خرید و فروخت کی جگہ پر لٹکا دیا جائے تو خوب رزق حاصل ہو۔

دل جمی سے کام کرنے کے لئے

اگر اسم یااللہ کو 101 مرتبہ کاغذ پر لکھ کر کسی بیکار اور فارغ آدمی کے بازو پر باندھ دیا جائے تو اس کے دل میں کام کرنے کی خواہش پیدا ہو گی اور وہ دل لگا کر کام کرے گا اور نہ ہی پھر کبھی اس کا دل کام کی طرف سے اکتائے گا۔

برائے پیغام عقد

اگر کسی نے کہیں نکاح کا پیغام بھیجا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ دوسری طرف سے اس کا پیغام منظور ہو جائے تو اسے چاہئے کہ کاغذ پر 1001 مرتبہ اسم یااللہ لکھ کر جس شخص کے ہاتھ پیغام بھیجے اس کے بازو پر باندھ دے انشاء اللہ نکاح کا پیغام منظور ہو گا۔

برائے مرض خفقان

اسم یااللہ خفقان قلب کے لئے نہایت مفید ہے مٹی کے

کورے برتن میں 786 مرتبہ یا اللہ لکھ کر بارش یا شیریں کنویں
کے پانی سے جس پر دھوپ نہ آتی ہو دھو کر مریض کو پلایا جائے تو
انشاء اللہ صحت عطا ہو گی اور بیماری ختم ہو جائے گی۔

دشمن پر غلبہ حاصل ہو

تلوار یا ڈھال یا نیزہ یا کسی ہتھیار پر شنبہ کی چھٹی ساعت میں
اسم یا اللہ کو 11 مرتبہ کندہ کرے اور کندہ کرنے والا روزہ سے
ہو، وہ ہتھیار لے کر جو شخص مقابلہ میں جائے گا فتح یاب ہو گا۔

ظلم سے نجات کے لئے

جو شخص اسم یا اللہ 111 مرتبہ ایک پرچہ پر لکھ کر نگین
انگشتری کے نیچے رکھ کر وہ انگشتری پہن کر کسی جابر حاکم کے
پاس جائے اللہ تعالیٰ اس کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

وہ حاکم اس کے خلاف کوئی بھی بات نہیں کہے گا اور کوئی فعل
اس کے خلاف نہیں کرے گا۔

بحث میں دشمن پر غالب آنا

دشمن پر بحث میں غالب آنے کے لئے اتوار کے روز روزہ
رکھے اور ایک چمڑے کے ٹکڑے پر 225 مرتبہ یا اللہ لکھ کر

باندھے انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو۔

دشمن کی بربادی کیلئے

جو شخص ناحق ایذا دیتا ہو اور ظلم کرتا ہو اور تمہارے صبر و
شکیبائی پر بھی باز نہ آئے تو جمعرات کا روزہ رکھ کر اور نماز عشاء
پڑھ کر اسم یا اللہ کو ایک مشت خاک پر تیس بار پڑھ کر اس دشمن
کے گھر میں وہ مٹی چھوڑ دو پھر اس کی جان اور مال کا تماشہ دیکھو۔

دشمن کی آپس میں ناچاکی ہو

جب کوئی مجمع کسی ناجائز غرض پر متفق ہو جائے اور ان میں
تفریق منظور ہو تو ان میں جو سب سے بڑی عمر کا آدمی ہو اور جو
سب سے چھوٹی عمر کا آدمی ہو ان دونوں کے تھوڑے
بال لے کر ان کو آگ میں خاکستر کر لو پھر 556 مرتبہ اسم یا اللہ
کسی بڑے پاک برتن میں لکھ کر اور اس کو برگ حرمل کے عرق
سے دھو کر وہ پانی اور وہ راکھ اس مقام پر ڈال دو۔ انشاء اللہ تعالیٰ
پھر ہر گز ہر گز ان میں اجتماع نہ ہو گا۔

خواب میں انکشاف کیلئے

اگر کتان کے کپڑے میں 123 مرتبہ یا اللہ لکھ کر سرہانے

رکھ کر سو رہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ فلاں امر مشتبہ جس کا تحقیق حال کرنا منظور ہے مجھ کو خواب میں معلوم ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا انکشاف ہو جائے گا۔

سمندری طوفان روکنے کے لئے

اگر سمندر یا دریا میں جوش و طوفان و طغیانی ہو تو 1001 مرتبہ یا اللہ لکھ کر دریا یا سمندر میں ڈالنے سے طوفان ختم ہو جاتا ہے۔

دشمن کی تباہی کیلئے

جس شخص کا کوئی دشمن ہو اور اس کی ایذا رسانی کے درپے ہو تین پتے درخت بید کے اتوار کے روز طلوع آفتاب سے پہلے اس طرح لے کہ کوئی اس کو نہ دیکھے اور ہر پتے کے ایک رخ پر 41 مرتبہ یا اللہ لکھے اور دوسرے رخ پر ان لوگوں کے نام لکھے مگر لکھتے وقت اسے کوئی بھی نہ دیکھے پھر ہر روز ایک ایک پتہ ان کے پینے کے پانی میں ڈال دے یا ان کے گھر میں جس جگہ موقع ہو رکھ دے دشمن خاندان سمیت برباد ہو جائے گا۔

برائے حفاظت زراعت و درخت

کھیت کی عمدگی اور تمام حیوانات سے حفاظت کے لئے اور

درختوں کی پیداوار اور عمدہ طور پر پھل نکلنے کے لئے کسی پاک برتن میں زعفران اور کافور سے 89 مرتبہ اسم یا اللہ لکھ کر اور آب چاہ سے دھو کر جو تخم یا غلہ بونا ہو اس میں بھگو کر بو دیں یا وہ پانی درخت کی جڑ میں چھوڑا کریں انشاء اللہ تعالیٰ برکت و حفاظت اور پھلوں میں خوب شیرینی حاصل ہو گی۔

برائے حفاظت کشتی

اسم یا اللہ کو جمعہ کے روز ساکھو کے تختے پر یا کسی اور لکڑی پر لکھ کر کندہ کر کے کشتی کے آگے باندھ دینے سے تمام آفات سے کشتی محفوظ رہے گی اور ڈوبنے سے بچ جائے گی۔

دشمن دہشت زدہ ہو

دشمن ظالم پر دہشت و حیرت غالب کرنے کے لئے اس کے کپڑے پر اسم یا اللہ 184 مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے مگر بلا طریق مشروع اس کا کپڑا لینا جائز نہیں بلکہ ایسی تدبیر کرے کہ وہ شخص کسی کو اپنا کپڑا دے اور وہ تم کو خوشی سے دے دے یا کسی طرح خرید لیا جائے۔

طوفان روکنے کے لئے

طوفان دریا کے واسطے سات پرچوں پر یا اللہ لکھ کر دریا میں

جانب مشرق یکے بعد دیگرے ایک ایک ڈال دیا جائے تو طوفان
تھم جائے گا۔

بچے کی بہتر نشوونما ہو

جب بچہ کو پیدا ہوئے سترہ دن گزر جائیں تو اسم یا اللہ کو
شیشہ کے برتن میں 11 مرتبہ لکھ کر آب باراں سے دھو کر
دو حصہ کر کے ایک حصہ اس بچے کے کھانے کی چیز میں ملا دیں
اور ایک حصہ بوتل میں رکھ چھوڑیں اور سات روز تک اس میں
سے بچے کو پانی پلائیں اور اس کے منہ کو ملیں انشاء اللہ تعالیٰ
خوب نشوونما ہو گی اور بچہ صحتمند اور تندرست ہو گا اور دن بدن
صحت حاصل ہو گی۔

برائے یرقان

کاغذ پر اسم یا اللہ 41 مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے تمام
موذیات وآفات سے مامون رہے اور یرقان کے واسطے منہ پر پانی
چھڑکنا بہت مفید ہے۔

تجارت میں برکت کیلئے

برکت تجارت کے لئے سوتی کپڑے کے چار ٹکڑے کرے

اور ہر ٹکڑے پر یا اللہ 7 مرتبہ لکھ کر اپنے مال و متاع میں رکھ
دے انشاء اللہ تعالیٰ مال میں برکت ہو گی۔

شہرت پانے کیلئے

خریر سفید کپڑے پر مشک خالص و زعفران اور اب نسرین
مقطر سے اس پر یا اللہ 134 مرتبہ لکھ کر اندر کے کرتے میں
رکھے عام مقبولیت اور ہیبت ہو۔

وسوسوں سے نجات

جس کو وساوس اور خطرات اور حدیث نفس اور خیالات
فاسدہ اور لرزہ قلب نے عاجز کر دیا ہو اسم یا اللہ کو گلاب و
زعفران سے جمعہ کے روز طلوع شمس کے وقت سات پرچوں پر
لکھ کر ہر روز ایک گھونٹ پانی کا پی لے انشاء اللہ تعالیٰ وسوسے
دفع ہو جائیں گے۔

دشمن کی زبان بندی کیلئے

دشمن کی زبان بندی کے لئے پاک مٹی جس پر کوئی چلا نہ ہو
47 مرتبہ یا اللہ پڑھ کر تھوڑی سی مٹی اس کے منہ پر اس کی بے
خبری میں ڈالوا دی جائے تو دشمن کی زبان بند ہو جائے گی۔

تنگدستی سے نجات کیلئے

جس کی روزی تنگ ہو گناہ سے توبہ کرے اور نیک کاموں کا ارادہ کرے اور شب جمعہ کی نصف کو اٹھ کر استغفار سو مرتبہ اور درود شریف سو مرتبہ اور اسم یااللہ 101 مرتبہ پڑھ کر سو رہے، خواب میں معلوم ہو جائے گا کہ کیا تدبیر کرے کہ تنگی دفع ہو جائے۔

انکشاف راز کیلئے

حروف تہجی میں سے سات حروف جو سورۃ فاتحہ میں نہیں ہیں وہ اس آیت میں جمع ہیں۔ ث ج خ ش ف ظ۔ اہل فن کا قول ہے کہ خ کے لئے اتوار کا روز مخصوص ہے اور یہ آیت اور ش کے لئے پیر کا روز اور اسم شاکر اور ز کے لئے منگل اور اسم زکی اور ظ کے لئے بدھ اور اسم ظاہر اور ث کے لئے جمعرات اور اسم ثابت ج کے لئے جمعہ اور اسم جبار اور ف کے لئے ہفتہ اور سورۃ فاتحہ اگر کوئی سر عجیب معلوم کرنا ہو تو اول سات روزے رکھے اور ان میں قراۃ قرآن و دعا میں مشغول رہے اور تہائی رات کے آخر میں آب سرد سے غسل کر کے ذکر میں مشغول رہے۔ صبح کی نماز کے

بعد سور یٰسین اور طٰہٰ اور تبارک الذی اور درود شریف اور 154 مرتبہ یااللہ پڑھ کر وہ آیت یا اسم جو ہر روز کے لئے مخصوص ہے سات مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ راز معلوم ہو جائے گا جس کا معلوم کرنا مقصود ہو۔

اسم یااللہ کو 45 بار زیتون کی تختی پر لکھ کر یا کندہ کر کے باغ کے دروازے پر لگا دے تو پھل خوب پیدا ہوں اور اگر مینڈھے کے مذبوح چمڑے پر لکھ کر جانور کے گلے میں باندھ دیا جائے تو اس میں نجاہت ظاہر ہو اور سب آفات سے محفوظ رہے۔

حفاظت برائے شیاطین و فالج و لقوہ

سوتے وقت 100 مرتبہ اسم یااللہ کو پڑھنے سے شیاطین کی شرارت و فالج اور لقوہ سے محفوظ رہتا ہے۔

حفاظت برائے دکان و مکان

دکان یا مکان یا اسباب و مال پر روزانہ 49 مرتبہ اسم یااللہ پڑھ دیا جائے تو ہر طرح کی حفاظت ہو گی اور نقصان سے بچاؤ ہو گا۔

بھاگے شخص کو واپس لانے کے لئے

اسم یااللہ کو ایک روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر جس شخص کو

بھاگنے کی عادت ہو یا جس عورت کو نافرمانی اور سرکشی کی عادت ہو اس کو کھلادے۔ انشاء اللہ اس کی وہ عادت جاتی رہے گی۔

رفع داڑھ درد

چھوٹے سے کاغذ پر اسم یااللہ 7 مرتبہ لکھ کر داڑھ کے نیچے دبائے انشاء اللہ داڑھ درد سے چھٹکارہ حاصل ہو۔

فتح کے لئے

جو شخص اسم یااللہ کو ہر روز سو بار پڑھے تمام مہمات دنیا و آخرت کے لئے اس کو کافی ہے اور وہ دنیا و آخرت میں کامیاب ہوگا۔

ہر حاجت پوری ہو

اسم یااللہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کو 39 مرتبہ لکھ کر باندھ لیا جائے اور جس حاکم کے روبرو جس کام کے لئے جائے وہ اس کی حاجت بحکم الٰہی پوری کرے۔

لوگوں کو فرمانبردار بنانا

جو شخص چاہے کہ لوگ میرے مطیع و مسخر ہو جائیں تو شعبان کے مہینہ میں ایام بیض کے روزے رکھے آخر کا روزہ سر کہ د

ساگ اور جو کی روٹی اور نمک سے افطار کرے اور مغرب سے عشاء تک ذکر یااللہ اور درود شریف میں مشغول رہے اور عشاء پڑھ کر بھی تسبیح و تقدس میں جب تک چاہے مشغول رہے پھر اسم یااللہ 1001 مرتبہ آب آس اور زعفران سے ایک کاغذ پر لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو رہے صبح کو نماز پڑھ کر اس کو لے کر جس کے پاس جائے گا وہ اس کی قدر و منزلت کرے گا اور جو بات کہے گا وہ درست ہوگی۔

پنڈلیوں اور پسلیوں کے درد کیلئے

مٹی کے کورے پاک برتن پر اسم یااللہ 11 مرتبہ سیاہی سے لکھ کر اور اس برتن کو روغن زیتون سے بھر کر اس سے حروف دھو کر اس روغن کو ہلکی آنچ یا گرم راکھ پر گرم کر کے اس روغن کی مالش کرنے سے پنڈلیوں اور پسلی کا درد جاتا رہتا ہے۔

برائے درد زہ

اسم یااللہ تسہیل ولادت اور درد گوش اور آسانی رزق کے لئے ہے' کدوئے شیریں کے پوست پر سیاہی سے لکھ کر درد زہ والی عورت کے داہنے بازو پر باندھ دینے سے ولادت میں سہولت

ہوتی ہے اور قلعی دار تانبے کی طشتری پر عرق گندنا سے لکھ کر
صاف شہد سے دھو کر آگ پر پکا کر جس مقام پر ہو تین قطرے
چھوڑ دیں انشاء اللہ نفع ہو۔

حصول رزق

کاغذ پر اسم یا اللہ 171 مرتبہ لکھ کر نیلے کپڑے میں تعویذ بنا
کر داہنے بازو پر باندھے رزق کے اسباب اس کے لئے آسان
ہوں۔

برائے پیٹ درد اور خفقان

اسم یا اللہ تمام اقسام درد شکم کے لئے مفید ہے جس شخص
نے کبھی صحبت نہ کی ہو اس سے کاغذ لے کر سیاہی سے 117
مرتبہ لکھ کر کسی سبز پھل کے عرق سے دھو کر کسی قدر اس میں
مصری اضافہ کر کے مریض کو پلایا جائے یہ خفقان اور اختلاج
قلب کو بھی فائدہ پہنچاتا ہے۔

برائے حفاظت حمل وبچہ

حفاظت حمل اور بچہ صحیح و سالم ہونے کے لئے اسم یا اللہ
1001 مرتبہ لکھ کر شروع حمل میں چالیس روز تک حاملہ عورت

کے باندھ دیں پھر کھول کر نویں مہینے پھر باندھ دیں پھر بعد
پیدائش تعویذ کھول کر بچے کے باندھ دیں۔

سحر دور کرنے کیلئے

سخت جادو کے دفع کرنے کیلئے نافع ہے ایک گھڑا بارش کے
پانی کا لے ایسی جگہ سے جہاں برسنے کے وقت کسی کی نظر نہ پڑی
ہو اور ایک گھڑا ایسے کنویں کا پانی لے جس میں کوئی پانی نہ بھرتا
ہو پھر جمعہ کے روز ایسے سات درختوں کے پتے جن کا پھل نہ
کھایا جاتا ہو پھر دونوں پانی ملا کر ساتوں پتے ڈال دے پھر اسم یا
اللہ 131 مرتبہ لکھ کر اس پانی سے دھو کر مسحور کو کنارہ دریا پر
لے جا کر پانی میں کھڑا کر کے رات کے وقت اس پانی سے اس
کو غسل کرا دیں انشاء اللہ تعالیٰ سحر باطل ہو جائے گا اور پھر کبھی
سحر اثر نہ کرے گا۔

برائے حفاظت کشتی و مسافر

ساکھو کے تختے پر اسم یا اللہ کندہ کر کے کشتی کی اگلی جانب
میں اس کو جڑ دیا جائے ہر قسم کی آفت سے کشتی محفوظ رہے اور اس
کو سوار ہوتے وقت 11 مرتبہ پڑھنا بھی مفید ہے۔

برائے حفاظت ظالم شخص اور موذی جانور

جس کو کسی ظالم آدمی یا موذی جانور کا اندیشہ ہو اسم یااللہ کو کثرت سے پڑھا کرے جب بستر پر لیٹے جب سوئے جب جاگے صبح کے وقت شام کے وقت انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔

حفاظت امراض اطفال

786 مرتبہ اسم یااللہ تعویذ بنا کر گلے میں ڈالنے سے جس قدر امراض بچوں کو لاحق ہوتے ہیں سب سے حفاظت رہتی ہے۔

برائے امراض چشم

اسم یااللہ آنکھ کے تمام درد و تکلیف، آنکھ کی سفیدی کے واسطے جن سے معالج و اطباء عاجز آگئے ہوں نافع ہے۔ سرمہ اصفہانی ایک جزو، ایلوا آدھا جزو، ہونگا آدھا جزو، زعفران، مامیران، سمندری جھاگ آدھا جزو، ناگر موتھ آدھا جزو، خریف کی اول بارش کا پانی اور نہر و چشمہ کا پانی جمعرات کے روز کانون اول کے مہینہ میں قبل طلوع آفتاب کے لیا گیا ہو اور ایک نسخہ میں کانون ثانی ہے پھر یہ سب دوائیں علیحدہ علیحدہ پیس کر اور سب کو ملا کر

درخت سبز کے پانی میں پیسے اور خشک ہونے دے پھر ان کو باران خریف کے پانی میں پیس کر خشک کرے پھر تیسری بار اب کانون اول یا ثانی کے ساتھ پیسے پھر چوتھی بار شہد میں جس کو آگ نہ لگی ہو اور سرکہ میں پیسے جب خشک ہو جائے تو اسم یااللہ کو 1009 مرتبہ شیشہ کے برتن میں زعفران سے لکھ کر آب کانون سے دھو کر پھر سب کو پانی میں پیس کر پانچویں بار خشک کرلے جب خشک ہو جائے ہر مرض چشم کے لئے اس کو استعمال کرے۔

دنیا میں فتح یابی کے لئے

جو شخص سورۃ مزمل کے ساتھ یااللہ کا ہمیشہ ورد کرے گا اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اسے خوشی اور سکون عطا فرمائے گا اور اسے عذاب قبر سے بھی محفوظ رکھے گا۔

آسیب کا اثر زائل ہو

جس شخص پر آسیب آتا ہو اس پر ایک مرتبہ پوری سوۃ جن پڑھ کر دم کرے یا لکھ کر بازو پر باندھے اور آسیب دہ کثرت سے یا اللہ اور یاحی یا قیوم کا ورد کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جاتا رہے گا اور وہ شخص صحت مند ہو جائے گا۔

برکت برائے رزق

کسی نماز کے بعد باوضو حالت میں اسم یا اللہ تین سو بار پڑھا کریں اول آخر درود شریف 22 بار انشاء اللہ فراخی نصیب ہوگی۔

دل کی بیماری سے نجات

ہر نماز کے بعد بسم اللہ شریف کے ساتھ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم اول و آخر درود شریف 11-11 مرتبہ پڑھنے سے دل کی ہر قسم کی بیماری دور ہو جاتی ہے۔

عمل برائے باری کا بخار

باری کا بخار یا جاڑے کا بخار جو وقت مقررہ پر آکر اتر جاتا ہے چاہئے کہ مٹی کی 3 عدد کوری ٹھیکریاں لے کر ہر ایک پر 100-100 مرتبہ یا محیط اور یا اللہ پڑھ کر پہلے دن پہلی ٹھیکری، دوسرے دن دوسری ٹھیکری اور تیسرے دن تیسری ٹھیکری باندھ دے جب درد ختم ہو جائے تو تینوں ٹھیکریاں لے جا کر دریا یا نہر میں بہادے۔

جملہ امراض دور ہوں

اسم یا اللہ 11 بار پڑھے اول و آخر 3-3 مرتبہ درود شریف

پڑھے اور مریض پر دم کرے اگر مریض نہ آسکے اور عامل بھی نہ پہنچ سکے تو انہیں اپنے مقام پر پڑھے اور وہیں سے اس طرف منہ کر کے مریض کا تصور کر کے دم کرے انشاء اللہ صحت ہوگی۔

وضع حمل کے لئے

مہر نبوۃ شریف اور نعلین شریف کے باریک تعویذ کو دردزہ کے وقت اگر زیادہ تکلیف ہو تو مٹھی میں داب لے ورنہ بازو پر باندھے انگشتری مقطعات کی بھی دردزہ کے لئے سیدھے ہاتھ میں دینا مفید ہے۔ ساتھ ساتھ یا اللہ کا ورد کرنا بھی ضروری ہے۔ چند منٹ میں وضع حمل ہوگا۔

جملہ خواہشات پوری ہوں

ہر جائز خواہش پوری کرنے کے لئے بروز جمعۃ المبارک بعد از نماز عصر کسی سے بات نہ کرے اور اسی طرح قبلہ رو بیٹھا رہے اور آنکھیں بند کر کے حضور قلب زبان و دل سے بے تعداد یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم پڑھتا رہے، جب آفتاب غروب ہو دعا مانگ کر نماز مغرب ادا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کام پورا ہو جائے گا۔

برائے استخارہ

15 بار درود شریف پڑھیں اور ثواب حضور غوث پاکؒ کی

روح کو بخشیں بروز جمعرات یہ عمل کریں کہ غسل کر کے لباس تبدیل کریں، خوشبو لگائیں دن میں روزہ رکھیں تو زیادہ بہتر ہے۔ 11بار درود شریف پڑھ کر یااللہ یارحمٰن یامتین 1100 مرتبہ پڑھیں پھر کلام کئے بغیر قبلہ دایاں ہاتھ سر کے نیچے رکھ کر سو رہیں انشاءاللہ تعالیٰ جو مقصد ہو گا خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

رزق میں وسعت کے لئے

شب سہ شنبہ یا شب یکشنبہ کو بعد آدھی رات گزرنے کے وضو کریں اور جائے نماز پر کھڑے ہو کر تین بار

فریاد فریاد بدرگاہ تو بدوستی مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم و بدوستی علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ و حسن مجتبیٰ و حسین شہید کربلا آنچہ مطلوب می دارم بانصرام رساں کہیں۔

بعد میں اس جگہ کھڑے کھڑے 3بار آیت الکرسی چاروں قل 3-3بار پڑھ کر اپنے گرد حصار کریں۔

پھر تسبیح یااللہ ایک ہزار مرتبہ کھڑے کھڑے پڑھے۔

تسبیح کرنے کے بعد چاہے تو ہیں تین روز کا چلہ کرے یا جہاں چاہے جائے اسی طرح تین روز یہ عمل کرے، تیسری شب موکل اس اسم کا بصورت خواب ظاہر ہو گا چاہئے کہ جب تک اپنی تعداد پوری نہ کر لے کلام نہ کرے جب ختم کرے اس سے قول وعہد لے کہ جب میں بلاؤں حاضر ہو جب وہ عہد کرے تو جانے کی اجازت دے۔

جب اس موکل کو بلانا ہو تو 41بار خلوت میں اسم یااللہ پڑھے موکل حاضر ہو جائے گا جو کام ہو گا انجام دے گا۔

ادائیگی قرضہ و فراخی رزق کیلئے

یہ عمل تجارت و ترقی روزگار کے لئے عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ بعد نماز عشاء 5000 مرتبہ ایسی جگہ کھڑے ہو کر برہنہ سر کہ سایہ کسی چیز کا سر پر نہ پڑے یااللہ یارحمٰن یارحیم یارزاق پڑھے اور اول وآخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھے۔

انشاءاللہ تعالیٰ غیب سے رزق ملے گا اور چاہے پہاڑ کے برابر بھی قرضہ ہو، انشاءاللہ تعالیٰ جلد ادا ہو جائے گا۔

رزق برائے برکت

بعد نماز عشاء وتر سے قبل دو رکعت نفل پڑھیں، بعد میں یااللہ

اوریالطیف سوبار اول وآخر درود شریف 11-11 مرتبہ پڑھیں اور
اپنے ہاتھوں پردم کر کے سینے پر گردن کے نزدیک بائیں ہاتھ
پھیر لیا کریں، فراخی رزق کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

وسعت رزق کیلئے

روزانہ مشرق کی طرف منہ کر کے طلوع آفتاب کے وقت یا
جامع اوریااللہ 114 مرتبہ پڑھیں اور عصر کے بعد دونوں کو ملا کر
یاجامع اوریااللہ 314 مرتبہ پڑھیں مگر یہ بہت کم ہے اگر زود اثر
کرنا چاہے اور قوی کرنا چاہے تو دس گنا کر دے (یعنی 990)
مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت عطا ہو گی۔

ہر قسم کی مشکلات کا خاتمہ

جب کسی کو کوئی مشکل پیش آئے تو ہر روز 20 بار 7 دن تک
سورۃ الم ترکیف کے ساتھ یااللہ یارحمٰن یارحیم پڑھے انشاء اللہ
تعالیٰ وہ مشکل حل ہو جائے گی۔

دوبدفطرت اشخاص میں نفاق ڈالنے کیلئے

اگر کوئی دو اشخاص میں جدائی و پھوٹ ڈالنا چاہے تو پرانی قبر کی
مٹی پر گیارہ بار سورۃ الم ترکیف پڑھے اور ہر بار ان دونوں کا نام مع

ان کی والدہ کے نام لیتا جائے اور پھر وہ خاک ان دونوں میں سے
کسی ایک کے گھر ڈال دے اور مٹی ڈالتے وقت یاقہار یاجبار یااللہ
یارحمٰن یارحیم پڑھتا جائے اور اگر گھر میں مٹی ڈالنا ممکن نہ ہو تو قبر
میں ڈال دے۔

اس عمل سے ان دونوں بدفطرت اشخاص میں پھوٹ پڑ جائے
گی اور وہ دونوں آپس میں دشمن ہو جائیں گے لیکن اس عمل کو
جائز مقصد کے لئے استعمال کرنا صحیح ہے ناجائز مقصد کے لئے
استعمال کرنے والا جہنمی اور اپنے فعل کا خود ذمہ دار ہو گا۔

جائز مقاصد میں سے ایک مقصد یہ بھی ہے کہ کسی دوست یا
بھائی یا والد یا کسی رشتہ دار وغیرہ کی غلط آدمی سے دوستی ہو گئی ہو تو
ان دونوں میں پھوٹ ڈلوانا جائز ہے۔

برائے تسخیر خلائق

جو کوئی ہر روز ہزار بار سورۃ الم ترکیف کے ساتھ یاحی یاقیوم یا
اللہ 7 دن تک پڑھے پھر روزانہ 101 بار پڑھتا رہے تو لوگ اس
کے فرمانبردار ہو جائیں گے۔

عداوت پیدا ہو

جن کے درمیان عداوت کرانا مقصود ہو ان دونوں کے

ناموں کے اعداد نکال کر اسی تعداد کے مطابق یا قہار یا
جبار یا اللہ یاذوالجلال والاکرام پڑھ کر کسی چیز پر دم
کر کے دونوں میں سے جسے آسان ہو کھلائے اور اگر کھلانا ناممکن
ہو تو ان کے ناموں کے اعداد کے مطابق ایک ٹانگ پر کھڑے ہو
کر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اسی دن جدائی ہو۔ وقت نصف رات کو
یا مجبوری کے تحت بعد نماز عشاء پڑھیں۔

برائے استخاضہ

گیرو ایک تولہ، مصطگی رومی 8 ماشہ کہرباء شمعی 4 ماشہ، تینوں
کو باریک پیس کر 3-3 ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان 5 تولہ
شربت انجبار 1 تولہ کے ہمراہ پلائیں اور پلاتے وقت یا اللہ یا رحمٰن
یا رحیم یا سلام اللہ شافی کافی پڑھ کر پلائیں۔

کیسا ہی خون جاری ہو، خواہ حلق سے خواہ ناک سے یا رحم سے
انشاء اللہ تعالیٰ عمل اس سے رک جائے گا۔

حفاظت کیلئے

ہر بری چیز سے حفاظت کے لئے 111 مرتبہ یا سلام یا رحمٰن یا
رحیم یا اللہ بسم اللہ شریف کے ہمراہ کاغذ پر لکھ کر باندھ لیا

جائے تو ہر بری چیز سے محفوظ رہیں گے۔

صاحب باطن اور کشف ہو

جو شخص ہر نماز کے بعد سو بار اسم یا اللہ پڑھتا ہے صاحب
باطن اور کشف ہو۔

مراد حاصل ہو

جو شخص اسم یا اللہ کو تین ہزار ایک سو پچیس بار (3125)
لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے اور اپنی مراد کے
بارے میں خدا کے حضور دعا کرے خدا چاہے تو انیس روز میں
مراد حاصل ہو۔

پڑھنے میں بچے کا دل لگے

جو بچے پڑھنے سے بھاگتے ہوں اور ان کا پڑھائی میں دل نہ
لگتا ہو تو ان کو پانچ وقت پانی پر 101 مرتبہ یا اللہ یا رحمٰن پڑھ کر
پلائیں، انشاء اللہ تعالیٰ بچہ دل لگا کر پڑھے گا۔

مرگی سے نجات

مرگی والے کے کان میں 40 مرتبہ یا اللہ یا رحمٰن ایک سانس
میں پڑھ کر دم کرے فوراً ہوش میں آجائے گا۔

آیت الکرسی

حضور ﷺ فرماتے ہیں یہ آیت شریف قران پاک میں افضل واشرف ہے۔ اس لئے کہ اس میں اسماء صفات ذات باری ہیں۔ ان میں سر عظیم ہے، جنگ بدر میں بھی تین سو تیرہ اصحاب رسول تھے۔ اسے تین سو تیرہ بار پڑھنے سے بے حساب خیر وبرکت اور نصرت حاصل ہوتی ہے۔

برائے نگہبانی

ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ مجھے ایسی چیز بتایئے کہ مجھے اسے نفع ہو۔ فرمایا آیت الکرسی پڑھا کر نگہبانی کرے گا اللہ تیری اور تیری اولاد کی اور نگاہ رکھے گا، تیرے گھر پر یہاں تک کہ تیرے ہمسایہ اور ان کے گھر بھی اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہوں گے۔

جنت حاصل ہو

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی ہمیشہ پڑھتا ہے جنت اس رواجب کی گئی جنت اور اس کے درمیان سوائے موت کے کوئی چیز حائل نہ ہوگی۔

عذاب قبر سے نجات

بسم اللہ شریف کے ساتھ آیت الکرسی کو بکثرت پڑھنے والا بے شک جنتی ہے اور اس پر قبر کا عذاب حرام کردیا جائے گا۔

شہادت کا درجہ حاصل ہو

جو شخص روزانہ بسم اللہ شریف کے ساتھ ایت الکرسی اور یااللہ کاورد کرے گا اسے شہید کی موت نصیب ہوگی۔ وہ مثل

شہید کے مرے گا۔

دس قرآن پاک کی تلاوت کا ثواب

ایک بار سورۃ یٰسین کے ساتھ آیت الکرسی پڑھنے سے اللہ تعالیٰ دس قران کریم پڑھنے کا ثواب عطا فرماتا ہے۔

جان کنی کے عذاب سے نجات

جو شخص سونے سے پہلے سورۃ الملک کے ساتھ آیت الکرسی پڑھ کر سوئے گا اسے جان کنی کے عذاب سے بچایا جائے گا۔

اولاد نرینہ حاصل ہو

جس کے اولاد نہ ہوتی ہو یا لڑکیاں ہی ہوں' لڑکا نہ ہو یا حمل ساقط ہو جاتے ہوں یا پیدائش کے بعد انتقال کر جاتے ہوں تو کچے سوت کے سات تار لیں۔ عورت کی پیشانی کے بال سے پاؤں کی انگلی تک ناپ لیں اور ساتوں تاروں کو ملا کر ان پر 11 بار آیت الکرسی شریف اور یا سلام یا مصور یا قہار یا جبار اس طرح پڑھیں کہ ہر ایک بار ایک گرہ لگاتا جائیں اور دم کرتے جائیں۔

اس گنڈے کو عورت کی کمر پر باندھ دیں جب تک بچہ تولد نہ ہو ہر گز نہ کھولے یہاں تک کہ وقت غسل بھی جدا نہ کرے جب

آثار حمل ظاہر ہوں تو گھر کی پکائی ہوئی سفید میٹھی چیز پر فاتحہ دلائیں اور دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔

اس کے بعد یقین رکھیں کہ لڑکا ہی ہوگا' انشاء اللہ تعالیٰ پس بچہ پیدا ہو تو غسل دے کر کانوں میں اذان کہیں اور وہ گنڈہ ماں کی کمر سے کھول کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

بچے کی پیدائش کے ہر سال پر ایک روپیہ بطور نذرانہ ڈالتے رہیں' جب بچہ گیارہ سال کا ہو تو ان گیارہ روپے کی شیرینی یا اس میں جتنا چاہے زیادہ کی نیاز دلائیں اور اس گنڈے کو محفوظ جگہ دفن کر دیں۔

ڈر اور خوف سے نجات

جو شخص رات کو ڈرتا ہو یا برے خواب دیکھتا ہو' وہ سوتے وقت درود شریف کے بعد بسم اللہ شریف اور آیت الکرسی تین بار پڑھ کر سینہ پر دم کرے' انشاء اللہ کچھ خوف نہ کھائے گا اور اگر بچہ ڈرتا ہو یا ان پڑھ ہو تو کوئی دوسرا شخص ان پر دم کر دے انشاء اللہ نہ ڈرے گا اور جہاں جن و شیاطین سے ڈرنے کا خوف ہو' وہاں اسے پڑھتے رہیں انشاء اللہ ان کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

وسواس شیطانی سے نجات

آیت الکرسی کو جو شخص ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھ لے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے پاس شیطان نہ آئے گا کیونکہ اس نے اقرار کیا ہے کہ جو شخص آیت الکرسی پڑھتا ہے میں اس کے پاس نہیں جاتا۔

برائے حصول خیر و برکت

حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص آیت الکرسی کو تین سو تیرہ بار پڑھے گا اور اپنے حق میں دعا کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے بے حساب خیر و برکت عطا فرمائے گا۔

مال و جان کی حفاظت کیلئے

جو شخص روزانہ آیت الکرسی پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے مکان و دکان اور اس کے گھر والوں یہاں تک کہ اس کے ہمسایوں تک کی حفاظت کرے گا اور مکان و دکان میں برکت عطا فرمائے گا اور کھلا رزق عطا کرے گا۔

برائے حصول جنت

جو شخص ہر فرض کے بعد آیت الکرسی ہمیشہ پڑھتا رہا، جنت

اس پر واجب ہو جاتی ہے، جنت اور اس کے درمیان سوائے موت کے کوئی چیز حائل نہ ہو گی۔

برے خوابوں سے نجات

جو شخص رات کو ڈرتا ہو یا برے خواب دیکھتا ہو وہ سونے سے پہلے درود شریف کے بعد بسم اللہ شریف اور آیت الکرسی تین بار پڑھ کر سینہ پر دم کرے انشاء اللہ کچھ خوف نہ کھائے گا اور اگر بچہ ڈرتا ہو تو کوئی دوسرا شخص اس پر دم کر دے انشاء اللہ نہ ڈرے گا۔

برائے شیطان کے شر سے حفاظت

آیت الکرسی کو ہمیشہ پڑھنے والا شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا اور شیطان اس کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

جنت کا حصول

آیت الکرسی میں ولا یودہ حفظھما کے الفاظ کا ہر وقت ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ دوزخ کو پڑھنے والے پر حرام کر دیتا ہے اور جنت عطا فرمائے گا۔

دوزخ حرام، جنت حلال

جو شخص فرض نمازوں کے بعد آیت الکرسی پڑھے گا اس پر

دوزخ حرام کر دی جاتی ہے اور جنت عطا کی جاتی ہے۔

برائے شیطان سے پناہ

جو شخص بعد از نماز جمعہ 7 بار آیت الکرسی پڑھے گا' اللہ تعالیٰ اسے آئندہ جمعہ تک حفظ وامان و شر شیطان سے پناہ میں رکھے گا۔

جملہ امراض سے نجات

صبح کی نماز کے بعد باوضو مع بسم اللہ شریف کے 41 بار آیت الکرسی پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو چالیس روز پلائیں' انشاء اللہ خواہ کوئی بھی مرض ہو دور ہو جائے گا۔

رزق میں برکت

گھر میں داخل ہونے سے پہلے بسم اللہ شریف کے ساتھ آیت الکرسی پڑھ لیا کریں اللہ تعالیٰ آپ کے رزق میں بہت برکت عطا فرمائے گا۔

برائے حفاظت مکان

اگر کوئی شخص سفر پر جانے سے پہلے گھر کے دروازے کے دونوں بازو پکڑ کر درود' بسم اللہ اور گیارہ بار آیت الکرسی پڑھ کر اللہ کے سپرد کرے تو حق تعالیٰ اس کا نگہبان ہوتا ہے جب تک

کہ وہ واپس گھر نہ آجائے۔

جنت کو زندگی میں ہی دیکھنا

جو شخص جمعہ کے روز نماز جمعہ سے پہلے چار رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ الحمد شریف کے بعد ہر رکعت میں 50 بار سورۃ اخلاص پڑھے اور رات کو سونے سے پہلے آیت الکرسی روزانہ پڑھے اور اکثر ایسے نفل ہر جمعہ کو پڑھے تو انشاء اللہ مرنے سے پہلے وہ اپنی جگہ بہشت میں دیکھ لے گا۔

فقر و فاقہ سے نجات

جو شخص مغرب کی نماز یا عشاء کے بعد آیت الکرسی کے ساتھ یا حی یا قیوم کثرت سے ہر روز پڑھا کرے گا' کبھی فقر و فاقہ میں مبتلا نہ ہو گا۔

ضدی بیماری سے نجات

اگر آیت لکرسی لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکا دی جائے تو اس کی بیماری ختم ہوتی جائے گی اور وہ صحت مند ہو جائے گا پھر وہ بیماری کبھی اس پر حملہ نہیں کرے گی۔

دست غیب حاصل ہو

ایک چلہ تک ہر روز وقت معین پر گیارہ مرتبہ درود شریف

پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ مرتبہ یا مغنی اور یا اللہ پڑھے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل کے ساتھ آیت الکرسی کو پڑھے اور آخر میں بھی گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لے جو اس عمل کو کرے گا اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی ہر طرح امداد فرمائے گا۔

بصارت واپس آئے

ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور جب ولا یودہ حفظھما پر پہنچیں اس وقت دونوں ہاتھوں کی انگلیاں آنکھ پر رکھ کر اس کلمہ کو گیارہ بار کہیں پھر ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھ پر پھیر لیں، انشاء اللہ آنکھوں کی روشنی واپس آجائے گی۔

ہر قسم کی درد سے نجات

آیت الکرسی کے اثرات حیرت انگیز ہیں، جسم میں خواہ کسی بھی جگہ درد ہو اور خواہ کسی سبب سے ہو، شہادت کی انگلی سے لکھے اور دریافت کرے اگر درد باقی ہو تو پھر دوبارہ اسی طرح کرے اور ساتھ یا حی قیوم ملا کر پڑھے اور اسی طرح سہ بارہ غرض تین مرتبہ میں کیسا ہی درد ہو مریض درد کے مارے سر پھوڑتا ہو یہ عمل کرنے سے آرام وسکون حاصل ہو گا۔

برائے حل المشکلات

لاالہ الا انت سبحانك انی کنت من الظالمین

اس آیت مبارکہ کو بھی اسم اعظم کے حوالے سے بے شمار مشکلات کے حل کے لئے پڑھا جاتا ہے۔ اس آیت کی تاثیر سے اللہ تعالیٰ نے حضرت یونس کو مچھلی کے پیٹ سے زندہ باہر نکالا تھا۔

رنج وغم سے نجات

حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص رنج و غم میں اس آیت کو پڑھے گا اس کے طفیل اس کا رنج وغم و پریشانی دور ہو جائے گی۔

جملہ حاجات

تہجد کے وقت یا عشاء کے بعد باوضو دو سو بار چند دن جو شخص جس حاجت کے لئے یہ آیت پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرے گا۔

ہر بیماری دور ہو

جو شخص بیماری کی حالت میں اگر اس آیت کریمہ کو پڑھتا رہے گا تو اس کی بیماری جاتی رہے گی اور دن بہ دن صحت مند ہوتا جائے گا اور جو شخص زیادہ بیماری کی حالت میں اس آیت کریمہ کو پڑھے گا اس کی بیماری بھی جاتی رہے گی اور اس کے گناہ بھی معاف فرما دیئے جائیں گے۔

ضعف بصارت کے لئے

اندھوں کے لئے بھی یہ آیت کریمہ بہت مفید ہے جس شخص کی بینائی نہ ہو اسے چاہئے کہ وہ اٹھتے بیٹھتے ہر وقت اس آیت کریمہ کا ورد کرے انشاء اللہ اس کی بینائی واپس آجائے گی۔

مال و دولت حاصل ہو

آیت کریمہ پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہیں کرتا اور پڑھنے والا غنی و مالدار ہو جاتا ہے۔

نظر بد کے اثرات کا خاتمہ

بسم اللہ کے بعد اس آیت کریمہ کو پڑھ کر کھانا کھانے والے کو اللہ تعالیٰ نظر بد سے محفوظ رکھتا ہے۔

یا ذوالجلال و الاکرام

محبت میں بے قرار ہو

اگر کسی کو اپنے جائز عشق میں دیوانہ کرنا ہو تو 170 بار سورۃ الم ترکیف کے ساتھ یا ودود اور یا ذوالجلال والاکرام اپنے پاؤں کے نیچے کی مٹی اور کچھ عطر یا خوشبو لے کر اس پر دم کرے مطلوب کو کسی طرح سنگھا دے یا کھلا دے تو وہ فوراً عشق میں بے قرار ہو جائے گا۔

بد گوئی سے روکنے کے لئے

اگر کسی کی زبان بد گوئی سے بند کرنا ہو تو 7 تار ریشم کے لے کر گرہ لگائیں اور ہر گرہ لگاتے وقت 7 بار سورۃ الم ترکیف کے ساتھ

یاذوالجلال والاکرام پڑھتے جائیں اور گرہ لگاتے جائیں اگر کسی
دوسرے کے لئے کریں تو اس کی نیت کریں اور اس کا نام دم
کرتے وقت لیتا جائے کہ فلاں کی زبان فلاں کی بدگوئی سے بند ہو
اور پھر بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ زبان بدگوئی سے رک
جائے گی۔

برائے ہلاکت ظالم دشمن

اگر کسی دشمن کو ہلاک کرنا ہو تو چاہئے کہ آٹے کا پتلا بشکل
دشمن بنائے اور 7 ببول کے کانٹے لائے اور ہر کانٹے پر 7-7 بار
سورۃ الم ترکیف پڑھے بعد میں ایک کانٹا آنکھ میں' ایک منہ میں'
ایک سینہ میں' ایک سر میں' ایک شکم میں اور ایک پشت پر چبھو
دے پھر آگ میں دفن کردے اور دفن کرتے وقت یہ کہے اللھم
قھاری یا جباری یا اللہ ذوالجلال والاکرام فلاں بن فلاں را ہلاک
کردن تیرہ شد۔

یہ عمل جائز مقصد کے لئے ہے اگر ناجائز مقصد کے لئے کیا
گیا تو عمل کرنے والا دوزخی ہوگا اور اپنے فعل کا خود ذمہ دار ہوگا۔
ناجائز مقصد کے لئے کرنے پر یہ عمل الٹا بھی ہو سکتا ہے۔

الفت زوجین

سورۃ الحمد شریف کے ساتھ ساتھ یاذوالجلال والاکرام سو
دانہ قلفل گرد پر پڑھتا جائے اور مطلوب کا نام لے کر جلاتا جائے'
محبوب بے قرار ہو۔ یہ عمل ساعت مشتری بروز جمعرات طلوع
آفتاب سے ایک گھنٹہ بعد تک ہے۔

گھر بار اور مال کی حفاظت

سفر میں جائے تو سب کاموں سے فرصت پا کر باہر آئے اور
دونوں ہاتھ چوکھٹ کے دونوں بازوؤں پر رکھ کر اول بسم اللہ
شریف اور درود شریف پھر بسم اللہ شریف اور سورۃ الکافرون
پھر بسم اللہ شریف اور سورۃ اخلاص مع بسم اللہ شریف تین بار
پھر بسم اللہ شریف اور سورۃ الفلق پھر بسم اللہ شریف اور سورۃ
الناس پھر بسم اللہ شریف اور سورۃ فاتحہ پھر بسم اللہ شریف اور
درود شریف پھر بسم اللہ شریف پڑھے اور جاتے وقت یا اللہ یا
ذوالجلال والاکرام کا ورد کرتا جائے اور سفر کو روانہ ہو جائے جب
مقام پر پہنچے تین بار آیت الکرسی پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم
سے منزل مقصود کو پہنچے اور مال و دولت لے کر واپس آئے' گھر

والوں کو بھی سلامت پائے۔

لقوہ کا مجرب علاج

جیسے ہی لقوہ کی شکایت ہو فوراً بلا تاخیر مریض کو خالص شہد پر یاذوالجلال والاکرام اور یااللہ 101 مرتبہ پڑھ کر نیم گرم پانی میں ملا کر کھلادیں۔

غذا میں جنگلی کبوتر کا شوربا صبح و شام پلائیں۔ بس اس کے سوا اور کچھ نہ دیں کم سے کم ایک پاؤ شہد روزانہ صبح سے شام تک پلادیا کریں گیارہ دن اور زیادہ سے زیادہ پندرہ دن میں انشاء اللہ تعالیٰ بالکل آرام ہو گا کسی دوسری دوا کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

گردہ اور مثانہ کی پتھری سے نجات

سن سر ماہی ایک ماشہ 'حجر الیہود ایک ماشہ 'ان دونوں کو خوب باریک پیس کر جوارش زر عونی 7 ماشہ میں ملا کر کھلائیں اوپر سے تخم خربوزہ 'گوکھرو خورد دو تولہ 'کاکنج 4 ماشہ سونف 'شیرہ نکال کر چھان لیں اور شربت بزوری میں ملا کر 101 مرتبہ یارحمٰن یا رحیم یااللہ یاذوالجلال والاکرام پڑھ کر پی لیں درد گردہ انشاء اللہ تعالیٰ پیتے ہی کافور ہو جائے گا۔

چونکہ درد گردہ میں پتھری پیدا ہو جاتی ہے' پتھری کا کوئی ریزہ گردہ میں چبھتا ہے اور گردہ نازک چیز ہے جب تک وہ ریزہ نہ نکل جائے درد کو سکون نہیں ہوتا۔

اکثر مریض اس درد میں ڈاکٹری علاج کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور ڈاکٹر صاحبان مارفیا (افیون) کا انجکشن دے دیتے ہیں جو گردوں کو سن کر دیتا ہے درد میں فوراً سکون معلوم ہوتا ہے مگر اس سے عارضی اور وقتی طور پر فائدہ حاصل کر کے بہت بڑا نقصان گردوں کو پہنچتا ہے۔

یہ نسخہ گردہ کے مریض کے لئے آب حیات ہے۔ کم سے کم ایک ہفتہ اور پتھری بڑی ہو گئی ہو تو 15 دن استعمال کریں اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

ساری پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے خارج ہو جائے گی اور انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ کے لئے اس موذی مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

یہ نسخہ مثانہ کی پتھری کے لئے بھی بہت فائدہ مند ہے۔

رانگن کے درد کا علاج

یہ مرض بعض مردوں کو گردوں کی کمزوری اور دائمی قبض

کے باعث اور اکثر عورتوں کو رحم کی خرابیوں کے باعث ہوا کرتا
ہے۔ سیدھی طرف کم اور الٹی طرف زیادہ تر دیکھنے میں آیا ہے۔
کولہے سے شروع ہوتا ہے اور پوری ٹانگ میں ہوتا ہے اور اثر
رینگتا ہے۔ اسی وجہ سے اس کو رانگن کا درد کہتے ہیں۔ صرف آٹھ
روز کے استعمال سے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

اسگند، ستاور سنبھل کی موصلی، ونٹھ، بدھالہ سب ایک ایک
تولہ سب کو باریک کوٹ چھان کر مثل میدہ کے سفوف بنالیں اور
ہموزن کچی شکر ملا کر پاؤ بھر شیر گاؤ سے نہار منہ ایک تولہ کھالیا
کریں اور کھاتے وقت بسم اللہ شریف کے ساتھ یا اللہ یا رحمٰن یا
رحیم یا قھار یا جبار یا ذوالجلال والاکرام پڑھ لیا کریں۔

سوتے وقت معجون سورنجاں گرم پانی سے کھالیا کریں۔ انشاء
اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں اس موذی مرض سے نجات ہوگی۔ نیز
یہ نسخہ مقوی باہ اور مغلظ بھی ہے۔

جریان کو بھی مفید ہے غذا میں شوربا چپاتی یا صرف گیہوں کا
دلیہ دودھ کا پکا کر استعمال کریں۔ باہ اور جریان میں پرہیز لازم ہے
تا استعمال دوا جماع سے پرہیز کریں۔

جریان وسرعت انزال سے نجات

ایک پاؤ چنے کی دال، آدھ سیر گائے کے دودھ میں خوب پکاؤ
جب سب دودھ جذب ہو جائے سل پر پیس کر پاؤ گھی خالص
میں بگھار کر پاؤ شکر ملا کر حلوا بنا کر رکھ لیں اور روزانہ یا اللہ یا رحمٰن
یا ذوالجلال والاکرام اللہ شافی اللہ کافی پڑھ کر بطور ناشتہ استعمال
کریں۔

پیٹ کے کیڑوں سے نجات

پیٹ کے کیڑے مارنے کا بے نظیر نسخہ ہے۔ پلاس پاپڑ 31
ماشہ، مغز تخم کرنجو 31 ماشہ اجوائن پورلی 3 ماشہ، کمیلا 3 ماشہ،
بابڑنگ 3 ماشہ۔

ان سب دواؤں کو خوب باریک کر کے قند سیاہ 3 تولہ میں
جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالی جائیں۔ مریض کو ایک گولی روزانہ
شکر کے شربت کے ساتھ کھلائیں اور کھلاتے وقت بسم اللہ
شریف کے ساتھ یا سلام یا اللہ ذوالجلال والاکرام اللہ شافی کافی
پڑھ لیا کریں۔

سب کیڑے مرجائیں گے اور آئندہ کی پیداوار بند ہو جائے

گی، چاہئے کہ کم سے کم 15 روز برابر سوتے وقت کھلائی جائے تو فائدہ ہوگا۔

قوت باہ اور بھوک میں اضافہ

خالص چاندی کے ورق اور پارہ ہموزن لے کر دونوں کو اتنا کھرل کریں کہ گولی بندھ جائے، جب گولی بندھ جائے تو اس کو ایک دن رات سرکہ میں ڈال دیں۔جب سخت ہو جائے تو احتیاط سے رکھیں اور ذوالجلال والاکرام 112 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

اگر دودھ میں ڈال کر دودھ پکا کر پئیں تو دودھ جلد ہضم ہوگا۔ باہ اور بھوک زیادہ ہوگی۔چہرہ پر سرخی نمودار ہوگی نیز بلغمی امراض میں بھی بہت فائدہ مند ثابت ہوگی۔

برائے تقویت قوت باہ

تخم پیاز گھر کے اندر یا محفوظ جگہ پر بوئے جب شاخیں نکلیں اور جڑ کی گرہیں بقدر سپاری کے ہو جائیں اس کے اوپر کی شاخوں کو تھوڑا کاٹ کر پھینک دیں باقی شدہ ہر شاخ میں ماشہ ماشہ بھر پارہ ڈال دیں یہاں تک کہ پک جائیں اور قابل کھانے کے ہو جائیں تو ایک گرہ پیاز زمین سے نکال کر سالن کے ہمراہ پکالیں

اور سالن پر 245 مرتبہ بسم اللہ شریف یا اللہ یاذوالجلال و الاکرام پڑھ کر کھالیں اسی طرح ہر ساتویں روز ایک گرہ کھائے، کم سے کم سات گرہ پیاز کھالے۔عمر رسیدہ لوگوں کے لئے اس سے بہتر شاید ہی کوئی نسخہ ہو۔

مشکل حل ہو جائے

جو کوئی روزانہ 102 مرتبہ یاذوالجلال والاکرام پڑھے اور 41 مرتبہ لکھ کر پاس رکھے تو اس کی ہر مشکل آسان ہوگی اور اللہ تعالیٰ غیبی طریقوں سے مدد فرمائے گا۔

دل ایمان کی روشنی سے روشن ہو جائے

جو شخص روزانہ فجر کی نماز کے بعد 141 مرتبہ یاذوالجلال و الاکرام پڑھے گا اس کا دل ایمان کی روشنی سے روشن و منور ہو جائے گا اور وہ برے کام نہیں کرے گا۔

برائے کامیابی امتحانات

جو شخص امتحان میں کامیابی چاہتا ہو اسے چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد اسم یاذوالجلال والاکرام 101 مرتبہ پڑھے اور اپنے حق میں دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ امتحانوں میں کامیابی عطا

ہو گی۔

مقدمہ جیتنے کے لئے

اگر کسی شخص پر کوئی مقدمہ ہو اور وہ اسے جیتنا چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ مقدمہ کی تاریخ والے دن 654 مرتبہ یاذوالجلال و الاکرام پڑھ کر عدالت جائے انشاء اللہ تعالیٰ فیصلہ اس شخص کے حق میں ہو گا۔

علم کا خزانہ حاصل ہو

اگر کوئی شخص اپنے دل میں اسم یاذوالجلال والاکرام کی کثرت کرے تو پروردگار اپنے خزانہ علم سے سرفراز فرمائے گا اور وہ شخص عالم وفاضل ہو جائے گا۔

ایک مجرب استخارہ

اگر کوئی شخص کسی بھی چیز کے بارے میں معلوم کرنا چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ اس دن روزہ رکھے اور ہر نماز کے بعد یاذوالجلال والاکرام 231 مرتبہ پڑھے اور رات کو سوتے وقت غسل کرے اور خوشبو لگا کر یاذوالجلال والاکرام کا ورد کرتا ہوا سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس چیز کے بارے میں خواب میں معلوم

ہو جائے گا۔

دشمن زیر ہو

اگر کسی شخص کا دشمن قوی ہو اور اس شخص کو ہر وقت اپنی جان و مال کی فکر ہو تو ہر نماز کے بعد اسم یاذوالجلال والاکرام 421 مرتبہ پڑھے اور اپنے حق میں دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

نقصان سے بچنے کے لئے

جو شخص ہر قسم کے پیسے یا چیز کے لین دین کے معاملے سے پہلے 21 مرتبہ اسم یاذوالجلال والاکرام پڑھے گا تو وہ اس معاملے میں ہر قسم کے نقصان سے بچا رہے گا۔

حفاظت محتاجگی

اگر صبح کے وقت بعد نماز فجر اسم یاذوالجلال والاکرام 29 مرتبہ کہے اور ہاتھ پر پھونک مار کر اپنے چہرے پر مل لے تو اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہ کرے گا۔

برگزیدہ اور مالدار ہو

جو شخص تین روزے رکھے اور چوتھے روز اگر چودھویں شب

ہو تو زیادہ بہتر ہے ورنہ عام شب میں 812 مرتبہ اسم یاذوالجلال والاکرام پڑھے تو وہ مخلوق میں برگزیدہ اور مالدار ہو جائے گا اور ہر کوئی اسے عزت کی نگاہ سے دیکھے گا۔

پریشانی اور غم سے نجات

اگر کوئی اسم یاذوالجلال والاکرام کو 11 مرتبہ ریشمی کپڑے یا چاندی پر کندہ کرا کے اپنی ٹوپی کے اندر سی لے تو ہر غم و پریشانی سے بچا رہے گا۔

قوی و ظالم دشمن سے نجات

اگر کسی شخص کا دشمن جابر و ظالم ہو جس سے خوف جان لاحق ہو تو وضوئے کامل کر کے دو رکعت نماز ادا کرے' بعد نماز سجدے میں 77 مرتبہ اسم یاذوالجلال والاکرام پڑھے اور سجدے کے بعد اپنے حق میں اور دشمن سے بچاؤ کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر غالب و حاوی ہو گا۔

بے روزگاری سے نجات

ہر نماز کے بعد 100 دفعہ اسم یاذوالجلال والاکرام پڑھ کر روزگار کے لئے دعا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ روزگار حاصل ہو۔

بچیوں کے حسب منشا رشتوں کیلئے

جن لڑکیوں کی شادی نہ ہوتی ہو یا منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو تو انہیں چاہئے کہ فجر کی نماز کے بعد 312 مرتبہ اسم یاذوالجلال و الاکرام پڑھ کر اپنے لئے نیک خاوند کی دعا کریں تو انشاء اللہ جلد شادی ہو اور خاوند بھی نیک و صالح حاصل ہو۔

کشائش رزق کے لئے

کشائش رزق کے لئے دو رکعت نماز نفل پڑھنے کے بعد 394 مرتبہ اسم یاذوالجلال والاکرام کا ورد کرے اور پھر اپنے حق میں دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کھلا رزق حاصل ہو گا۔

برائے جملہ امراض

کسی قسم کے مرض کے لئے 101 مرتبہ یاذوالجلال والاکرام 3 روز تک روزانہ عصر کی نماز کے بعد پڑھنے سے وہ مرض جاتا رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ صحت عطا فرماتا ہے۔

مقصد کے حصول کے لئے

کسی قسم کے مقصد کے حصول کے لئے 321 مرتبہ یاذوالجلال والاکرام پڑھ کر کوئی میٹھی چیز بچوں میں تقسیم کردے

انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی حاصل ہو گی۔

اپنے نفس کو قابو کرنا

جو کوئی اپنے نفس کو قابو کرنا چاہتا ہو اسے چاہیے کہ ظہر کی نماز کے بعد 313 مرتبہ یاذوالجلال والاکرام پڑھا کرے۔

اسم اعظم خاص

یا حی یا قیوم

ظالم کی قید سے رہائی

اگر کوئی شخص ظلماً قید ہو گیا ہو تو یاحی یاقیوم کو لکھ کر باندھے اور کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رہائی پائے گا۔

ترقی برائے مکانات و دکانات و باغات

باغات و مکانات واملاک و دکانات کی آبادی اور تجارت کی ترقی کے لئے یاحی یاقیوم کو زیتون کے چار پتوں پر لکھ کر مکان یا دکان یا باغ کے چاروں گوشوں میں دفن کر دیا جائے تو بے پناہ ترقی حاصل ہو گی اور باغات میں بہت زیادہ پھل لگیں گے اور دکانات

اور مکانات میں بھرپور اضافہ ہوگا۔

درد اور نظر بد دور ہو

جس کے ہاتھ پیروں میں درد ہو یا اس کو نظر بد ہو یا حی یا قیوم 786 مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ اچھا ہو جائے گا اور درد ختم ہو جائے گا۔

نظر بد دور سے نجات

جس کسی کو آدمی یا جن کی نظر ہو تو ایک گھڑا کنوئیں سے بھر کر یا حی یا قیوم 11 مرتبہ پڑھ کر دم کر دے اور جس کو نظر لگی ہو اسے شب کے وقت چوراہے پر لے جا کر اس پانی سے غسل کرا دے تین شب تک اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ نظر جاتی رہے گی۔

پسوئوں سے نجات

پسوؤں کو دفع کرنے کے لئے پانی پر سات مرتبہ یا حی یا قیوم پڑھیں اور سات مرتبہ یوں کہے کہ اے پسوؤ اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو تو ہم کو مت ستاؤ اور خواب گاہ کے گرداگرد اس پانی کو چھڑک دیں رات بھر محفوظ رہیں گے۔

کھیت کے کیڑوں سے چھٹکارہ ملے

جس کے کھیت میں کیڑا یا ٹڈی یا چوہا لگ گیا ہو تو زیتون کے چار تختوں پر سیاہی سے 11 مرتبہ یا حی یا قیوم بدھ کی صبح کے وقت قبل از طلع آفتاب لکھ کر ایک گوشہ میں ایک ایک تختی گاڑ دے اور گاڑتے وقت یا حی یا قیوم کو پڑھے تو کیڑا' ٹڈی یا چوہا وغیرہ ختم ہو جائیں گے اور پھر کبھی واپس نہیں آئیں گے۔

ظالم کی ہلاکت کے لئے

ظالموں کی خانہ ویرانی اور تباہی کے لئے بدھ کے روز ایک مٹی کی تختی مربع قبل طلوع آفتاب تیار کر کے اس کو سایہ میں خشک کرے پھر اگلے بدھ کو اس پر یا حی یا قیوم قلم سے لکھے پھر اس تختی کو باریک پیس کر ظالم کے گھر یا کھیت یا باغ میں چھڑک دے اگر ہفتہ کے روز ذبیحہ کے مدبوغ چمڑے پر نزول ماہ میں لکھ کر وہ چمڑا اس کے پینے کے پانی میں ڈال دے' وہ بیمار ہو جائے گا لیکن یہ مکرر یاد دلایا جاتا ہے کہ سزائے شرعی سے تجاوز جائز نہیں۔

بری و بحری آفات سے نجات

جو شخص یا حی یا قیوم صبح وشام اور سونے کے وقت یا کہیں جاتے

وقت پڑھے تمام آفات بری و بحری سے محفوظ رہے اور مال و
مویشی وغیرہ میں برکت ہو۔

باغ اور زراعت میں ترقی ہو

جو شخص برکت اور وسعت اور باغ اور کھیت کی شادابی چاہے
وہ یاحی یاقیوم کو 11 مرتبہ لکڑی کے تختے پر لکھ کر اپنی دکان میں
میخ سے گاڑ دے اور باغ یا کھیت میں دفن کر دے مراد حاصل ہو۔

بچے کی ہکلاہٹ دور ہو

اگر زعفران سے یاحی یاقیوم 101 مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر
بچے کو پلا دیا جائے جس کی زبان نہ چلتی ہو وہ روان طریقے سے
بولنے لگے گا اور ہکلا پن جاتا رہے گا۔

وسوسوں سے نجات

جو شخص غم و الم و تنگی دل اور خواب پریشان اور وساوس و
خیالات فاسدہ میں مبتلا ہو وہ شخص دس روزے متواتر رکھے اور
کچھ متفرق رکھے اور اپنی دستکاری کی حلال روزی سے افطار
کرے اور عشاء کے بعد ایک صراحی میں پانی لے کر یاحی یاقیوم
اس پر دس بار پڑھ کر پی کر سو رہا کرے پھر خواب سے بیدار ہو کر

تین گھونٹ پیئے اور پھر دس بار یاحی یاقیوم پڑھے اسی طرح چار
دفعہ کرے پھر بقیہ کو سحری کے وقت پیئے اور ایک بار اس پر یاحی یا
قیوم پڑھے انشاءاللہ یہ سب شکایتیں رفع ہو جائیں گی۔

ظالم کی تباہی بربادی کے لئے

دشمن ظالم کی تباہی اور خرابی کے لئے محرم کے اول ہفتہ کے
روز آفتاب نکلنے سے قبل سات جگہوں سے ایک ایک مٹھی خاک
لے مسجد غیر آباد' تکیہ غیر آباد' مکان خالی' حمام غیر آباد' پرواز غیر
آباد' جس مکان میں جنازہ ہو' چوراہا' ہر مٹی پر سات سات مرتبہ یا
حی یاقیوم پڑھے اور اپنے مطلب کا تصور رکھے پھر سب خاکیں
ملا کر اس کے گھر یا باغ یا شہر میں ڈال دے۔ سات ہفتے تک اسی
طرح کرے اذن شرعی کی یہاں بھی حاجت ہے۔

پھلوں و درختوں میں برکت کیلئے

جو شخص یاحی یاقیوم 141 مرتبہ جمعہ کے روز چوتھی ساعت
میں مٹی کی بارہ ٹھیکریوں پر تانبے کی قلم سے لکھ کر برگ صفات
اور تخم بکائن کی دھونی دے کر وہ ٹھیکریاں کنوئیں میں ڈال دے
جس درخت کو اس کا پانی دیا جائے گا خیر و برکت زیادہ ہو گی اور

پھل عمدہ آئے گا۔

ظالم تباہ برباد ہو

جو شخص دشمن موذی کو تباہ کرنا چاہے پنجشنبہ اور جمعہ کو روزہ رکھے۔ جب شنبہ کی شب نصف ہو ایک پرانی کنگھی پر یاحی یاقیوم 113 مرتبہ لکھے اور کسی راہب کے کرتے کے کپڑے میں لپیٹ کر اس شخص کے رہنے کی جگہ دفن کردے ظالم شخص تباہ برباد ہو جائے گا۔

برائے حفاظت حمل

جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو' میاں بیوی جمعہ کے روز روزہ رکھیں اور شکر اور بادام اور روٹی سے روزہ افطار کریں اور پانی بالکل نہ پیئں اور یاحی یاقیوم 149 مرتبہ شیشہ کے جام پر شہد سے جس کو آگ نہ پہنچی ہو لکھ کر آب شیریں سے دھو کر سفید نخود دو سو چوبیس دانہ لے کر اور ہر دانہ پر یاحی یاقیوم پڑھ کر اس پانی کو ہنڈیا میں ڈال کر نخود اس میں ڈال دیں اور خوب تیز آنچ دیں پھر عشاء کی نماز پڑھ کر سورۃ مریم پڑھیں جب نخود خوب پک جائیں پانی سے نکال لیں اور اس میں تھوڑا آب انگور اضافہ کر کے آدھا

آدھا دونوں میاں بیوی پیئں اور تھوڑی دیر سو رہیں پھر اٹھ کر مباشرت کریں۔ انشاء اللہ اسی روز حمل ٹھہر جائے گا اور اگر تین شب غذا کھانے سے پہلے اسی طرح کریں تو اولاد بہت اچھی ہو گی۔ پیدا ہونے والا بچہ صحت مند اور ہر آفت وبلا سے محفوظ رہے گا۔

درخت وپھل کی آفات سے بچانے کیلئے

درخت خرما کو جلدی اور عمدہ پھل آنے کے لئے اور اس کو ہر آفت سے محفوظ رکھنے کے لئے کھجور کے تین پتے مختلف رنگ کے زرد' سبز' سرخ لے کر نئی قلم سے ان پر یاحی یاقیوم 11 مرتبہ لکھ کر ایک ایک پتہ اس کی ایک شاخ پر باندھ دیں خوب پھل لگے۔

عزت وآبرو زیادہ ہو

رتبہ اور شان بڑھنے کے لئے حریر زرد کے ٹکڑے پر زعفران سے جو شہد میں حل کیا ہو یاحی یاقیوم 111 مرتبہ لکھ کر تعویذ باندھ لیں اور موم کندر میں گوندھ کر اس سے تعویذ کو دھونی دیں اور باندھ لیں ہر جگہ عزت وآبرو ہو اور ہر شخص آپ کی عز

کرے گا۔ اپنے سے چھوٹے اور اپنے سے بڑے بھی آپ کی عزت کرنے لگیں گے۔

برائے مقبولیت

سنگ مرمر یا چینی یا بلور کے برتن میں مشک وکافور وگلاب سے یاحی یاقیوم 786 مرتبہ لکھ کر روغن بلسان سے دھو کر تھوڑا عنبر وکافور میں اضافہ کر کے خوشبودار مالیں پیشانی اور ابروؤں پر مل کر جسکے سامنے ہو گا وہ اس کی عزت وآبرو کرے گا۔

دنبل وزخم وغیرہ سے نجات

دنبل اور زخموں کے لئے اور پھوڑا پھنسی وغیرہ بدن میں ہو جائے اس کو ایک برتن میں فارسی سیاہی سے یاحی یاقیوم 41 مرتبہ لکھ کر روغن بنفشہ سے دھو کر اس جگہ ملے انشاء اللہ شفا ہو گی کسی بھی قسم کے زخم اور چوٹ وغیرہ پر بھی ملے تو وہ بھی بفضل خدا ٹھیک ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائے گا۔

حسب منشا شادی ہو

یاحی یاقیوم کو 143 مرتبہ لکھ کر باندھے تو اگر غیر شادی شدہ ہو تو شادی جلدی ہو جائے اور شادی بابرکت ہو۔

نسیان سے نجات

یاحی یاقیوم کو لکھ کر باندھنے سے نسیان کی بیماری سے چھٹکارہ حاصل ہو گا ہے۔

ظالم برباد ہو

متکبر اور ظالم کو تباہ کرنے کیلئے چار قبروں کی مٹی لیں، ایک مسلمان کی دوسری یہودی کی، تیسری نصرانی کی چوتھی مجوسی کی اور ایک کسی متکبر کی پرانی قبر کی اور ایک کسی ویران گھر کی اور ایک کسی وقف منہدم گھر کی۔ یہ ساتوں مٹیاں لے کر برتن پا یاحی یاقیوم سات سات بار پڑھ کر کسی مہینے کے آخری بدھ میں وہ مٹیاں ملا کر اس ظالم شخص کے گھر میں اوپر سے ڈال دے پھر تماشہ دیکھے ناجائز مقصد کے لئے استعمال کرنے والا دوزخی ہو گا آپنے فعل کا آپ ذمہ دار ہو گا۔

دردزہ دور ہو

جو عورت دردزہ میں مبتلا ہو اس کے شکم اور کمر پر یاحی یاقیوم 111 مرتبہ پڑھ کر دم کرے یا لکھ کر باندھ دے تو ولادت باسانی ہو اور وہ دردزہ ختم ہو۔

برائے بخار و کمر درد

بخار اور کمر درد اور تمام امراض اور دردوں کے لئے پاک
برتن میں سیاہی سے یاحی یاقیوم لکھ کر آب چاہ سے جس پر دھوپ
نہ آتی ہو دھو کر تین گھونٹ مریض کو پلائیں اور درد کی شدت
کے وقت بقیہ اس کی کمر پر چھڑک دیں تین دن اسی طرح کریں
یا روغن بابونہ سے دھو کر درد کمر اور زانوں کے لئے مالش کریں۔

ظالم کی ہلاکت

ظالم کی ہلاکت و ویرانی کے لئے درخت کے سات پتے اس
طرح لے کر ہفتہ سے شروع کرے اور ایک پتہ ہر روز قبل
طلوع افتاب لیا کرے اور یاحی یاقیوم اس کے دونوں طرف لکھ کر
اس کو سایہ میں جہاں دھوپ نہ آتی ہو خشک کرے پھر سب پتوں
کو باریک کوٹے اور کوٹتے وقت اس ظالم شخص کا نام لیتا رہے اور
اس کے گھر میں ڈال دے۔ ناجائز مقصد کے لئے عمل کرنے
والا اپنے فعل کا ذمہ دار خود ہوگا اور آخرت میں جہنمی ہوگا۔

شفاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جو کوئی یاحی یاقیوم کو ہر نماز کے بعد 101 مرتبہ پڑھا کرے تو

انشاء اللہ تعالیٰ روز حشر میں جناب رسول مقبول ﷺ اس کی
شفاعت فرمائیں گے اور جس مصیبت اور مہم کے لئے چاہے
پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مصیبت آسان ہو جائیگی اور اگر بیماری کی
حالت میں کثرت سے پڑھے تو بیماری دور ہو جائے گی۔

برے خوابوں سے نجات

جس شخص کو بد خوابی کی شکایت ہو اور وہ پریشان خواب دیکھتا
ہو وہ یاحی یاقیوم کو لکھ کر گلے میں ڈالے یا سوتے وقت پڑھ لیا
کرے۔ انشاء اللہ خواب بد سے محفوظ رہے گا اور اس کو کبھی بھی
ڈراؤنا یا برا خواب نہیں آئے گا۔

کشتی کی حفاظت

جب کشتی یا کسی دوسری سواری پر سوار ہونے لگے تو 132
مرتبہ یاحی یاقیوم پڑھ لے انشاء اللہ تعالیٰ راہ کی آفتوں سے محفوظ
رکھے گا اور بھرپور طوفان میں بھی کشتی ڈوبنے سے بچی رہے گی۔

سردی کے بخار سے نجات

جس شخص کو سردی سے بخار اتا ہو 98 مرتبہ یاحی یاقیوم بیری
کی لکڑی پر لکھ کر اس کے گلے میں ڈالدیں انشاء اللہ تعالیٰ شفا

یاب ہو گا اور سردی کا بخار دور ہو جائے گا پھر زندگی بھر کبھی بھی سردی کا بخار اس شخص کے قریب بھی نہ پھٹکے گا۔

برائے عزت وقدر

سفر کرنے کے وقت یا سفر سے آنے کے وقت یاحی یاقیوم پڑھ لیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ عزت وقدر حاصل ہو گی۔

درد دور کرنے کے لئے

ہر مرض اور ہر قسم کے درد کے واسطے مقام درد پر ہاتھ رکھ کر یاحی یاقیوم 119 مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت یاب ہو گا۔

شیر یا کتا حملہ آور نہ ہو

اگر راستہ میں کوئی شیر یا کتا حملہ کرے اور شور مچائے تو فوراً یاحی یاقیوم 3 مرتبہ پڑھ لے تو شیر یا کتا چپ ہو کر واپس چلا جائے گا اور حملہ نہیں کرے گا۔

محبت ہو جائے

اگر کسی کو اپنی جائز محبت میں گرفتار کرنا ہو تو یاحی یاقیوم 114 مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے اس شخص کو کھلا دے جس

کو اپنی جائز محبت میں گرفتار کرنا ہو وہ شخص دل و جان سے آپ کے ساتھ محبت کرنے لگے گا لیکن اگر کسی ناجائز مقصد کے لئے یہ عمل کیا جائے تو نتیجہ الٹا نکلے گا اور نقصان ہو گا۔

ہمزاد شیطان بھی دفن ہو جائے

اگر کوئی شخص مر جائے تو اس کو دفنانے کے وقت میت کے پاس کھڑے ہو کر 30 مرتبہ یاحی یاقیوم پڑھ کر مٹی قبر پر پھینکے تو اس کا ہمزاد شیطان بھی اس کے ساتھ دفن ہو جائے گا۔

گرمی کے بخار سے نجات

اگر کسی کو گرمی کا بخار ہو تو یاحی یاقیوم 47 مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا اور بیمار شخص دن بدن صحت مند ہوتا جائے گا۔

برائے جملہ مشکلات

کسی بھی قسم کی مشکل ان پڑے تو کثرت سے یاحی یاقیوم پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ عظیم اٹھائے گا اور مشکل بھی ختم ہو جائے گی اگر کوئی بیمار اسے پڑھے تو بیماری جاتی رہے گی اور بیمار صحت مند ہو جائے گا۔

حمل قائم رہے

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو اسے چاہئے کہ یا حی یا قیوم 111 مرتبہ لکھ کر اپنے پیٹ پر باندھ لے اور پیدائش تک باندھا رکھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بچہ صحت مند اور آفات سے بری پیدا ہوگا۔ حفاظت حمل کے لئے بہت مفید عمل ہے۔

اولاد نیک ہو

جو شخص یا حی یا قیوم کو ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اس کی اولاد اور بیوی دیندار' صالح اور نیک ہو جائے گی اور عالم کا ہر حکم مانے گی۔ اس کو کثرت سے پڑھنے والے کی چھوٹے بڑے سب عزت کریں گے۔

مفرور حاضر ہو

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو یا حی یا قیوم 67 مرتبہ لکھ کر چرخے میں باندھ کر ساٹھ مرتبہ ہر روز چالیس دن تک الٹا گھمائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہ برکت اس عمل کے وہ شخص جلد واپس آجائے گا۔

چیونٹیوں سے نجات

اگر چیونٹیوں کی کثرت ہو تو یا حی یا قیوم لکھ کر ان سوراخوں کے پاس رکھ دے انشاء اللہ تعالیٰ سب چیونٹیاں اپنے سوراخ میں داخل ہو جائیں گی پھر کبھی بھی اپنے سوراخوں میں واپس نہیں آئیں گی اور بھاگ جائیں گی۔

مفرور واپس آجائے

دو رکعت نفل پڑھ کر یا حی یا قیوم کو ایک سو انیس مرتبہ چالیس روز تک پڑھے بہ برکت اس کے جو شخص بھاگ گیا ہو واپس آجائے گا۔

اگر ناف ٹل جائے

جس کسی کی ناف ٹل گئی ہو اسے چاہئے کہ 11 مرتبہ یا حی یا قیوم لکھ کر ناف پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔

ظالم بھاگ جائے

اگر کسی ظالم کو شہر سے نکالنا ہو تو ہر روز سات سرخ گھونگھچی پر ایک ایک بار سات دن تک یا حی یا قیوم پڑھے اور ہر روز پڑھ کر اس گھونگھچی کو کنویں میں ڈالتا جائے۔ انشاء اللہ وہ شخص اس

شہر سے جلد چلا جائے گا اس عمل میں ترک حیوانات لازم ہے مگر
اس کو ناجائز جگہ پر عمل نہ کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

افسر کی ناراضگی دور ہو

اگر افسر ہر وقت خفا رہتا ہو اور بات بات پر غصہ کرتا ہو
ہر وقت آپ کے خلاف کوئی نہ کوئی عمل کرنے میں سرگرم رہے
تو چاہئے کہ اٹھتے بیٹھتے ہر وقت یا حی یا قیوم کا ورد کرتا رہے اور
تصور میں افسر کا چہرہ لائے انشاء اللہ افسر آپ پر مہربان ہو جائے
گا۔

حصول رحمت کے لئے

روزانہ رات کو سوتے وقت یا حی یا قیوم کا ورد کرنے سے
فرشتے ساری رات پڑھنے والے کے لئے مغفرت کی دعا کرتے
رہتے ہیں اور اس شخص کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیتا
ہے۔

جنت حاصل ہو

جو شخص روزانہ 101 مرتبہ یا حی یا قیوم پڑھے اس پر جنت
واجب ہو جاتی ہے۔

دجال و شیطان کے شر سے نجات

جو شخص ہر جمعہ کی نماز کے بعد اسی جگہ باوضو حالت میں یا حی یا
قیوم 1001 مرتبہ پڑھے وہ دجال و شیطان کے فتنہ و شہر سے
محفوظ رہے گا۔

بروز قیامت نور برسے

جو شخص بلاناغہ 30 مرتبہ یا حی یا قیوم کا ورد کرے قیامت کے
دن اس پر نور برسے گا۔

برائے سلامتی ایمان

جو شخص کثرت سے یا حی یا قیوم کا ورد کرے اس کا ایمان
سلامت رہے گا اور وہ ایمان کی حالت میں مرے گا۔

کشائش رزق

جو شخص سورۃ اخلاص کے ساتھ یا حی یا قیوم روزانہ سات
مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں اور مکان و دکان میں
برکت اور اضافہ عطا فرمائے گا اور اس شخص کی دنیاوی پریشانیاں
ختم کر دے گا۔

کسی کا کبھی دست نگر نہ ہو

عروج ماہ میں شروع کرے اور ہر روز بعد نماز عشاء مع درود شریف اول و آخر 11-11 بار اور درمیان میں 72 بار یاباسط الذی یبسط الرزق لمن یشاء بغیر حساب پڑھے۔ ساتھ ساتھ یاحی یاقیوم کا بکثرت ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی کسی کا دست نگر نہ ہو۔ غیب سے روزی ملے۔

حب پیدا ہو

حسب حاجت نمک لاہوری یا سانبھر پاکیزہ لے کر اس پر اول آخر 11-11 بار درود شریف اور ایک ہزار ایک مرتبہ یاودود مع یا حی یاقیوم پڑھ کر دم کرے خیال رہے کہ یہ نمک زمین پر ہرگز نہ گرے بہت احتیاط رکھی جائے جو اسے کھائے گا باذن اللہ تعالیٰ مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

بچھو کے زہر سے نجات

سورۃ الناس 21 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اگر کچھ اثر باقی رہے دوبارہ کرے پھر کسر رہ جائے تو سہ بارہ پڑھ کر دم کرے۔ بفضل اللہ تعالیٰ آرام ہو۔ زہر شدہ شخص یاحی یاقیوم کا ورد کرے۔

سر کے جملہ امراض سے نجات

اطریفل زمانی، اطریفل، اوسطوخودوس ہموزن باہم ملائیں اور 11 روز تک اس پر فجر کی نماز کے بعد 101 دفعہ یاحی یاقیوم پڑھ کر پھونک ماردیں۔

سوتے وقت 9 ماشہ استعمال کریں۔ استعمال کرتے وقت گرم پانی سے کھالیا کریں۔ سر کے متعلق تمام بیماریوں میں اکسیر ثابت ہوتی ہے کان کا بہنا یا بہرا پن بہت مشکل سے جاتا ہے اگر یہ دوا 40 روز برابر استعمال کرائی جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ کامل شفا ہو دوران استعمال گوشت اور بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔

اگر کان بہتا ہو تو

اطریفل زمانی، اطریفل اوسطوخودوس، لعوق سپستاں ہم وزن ملا کر رکھ لے صبح و شام 6-6 ماشہ استعمال کرے اور یاحی یاقیوم کا ورد کرے انشاء اللہ بہتا ہوا کان رک جائے گا۔

یہ عمل بہرے پن کے لئے بھی مفید ہے۔

کمزور دانتوں کی مضبوطی

سپاری چکنی 2 تولہ، مزو پھل ایک تولہ، پھٹکڑی کی کھیل ایک تولہ، نیلا تھوتھا کی کھیل ایک تولہ، بہیڑہ ایک تولہ، بنسلوچن 1

ماشہ پھول کتھا 3 ماشہ کافور 2 ماشہ۔ باریک پیس کر کم سے کم دن میں تین بار دانتوں پر ملیں اور ملتے وقت یاحی یاقیوم دل میں پڑھیں۔ درد فوراً دور ہو جائے گا۔

یہ عمل دانتوں کی بدبو کو بھی فوراً ختم کر دیتا ہے اور دانتوں کے ہر قسم کے درد کو ختم کرنے کے ساتھ ساتھ ہلتے ہوئے دانتوں کو جما دیتا ہے۔

اگر بچہ دودھ نہ پیتا ہو تو

اگر بچہ دودھ نہ پیتا ہو تو یاحی یاقیوم 100 مرتبہ لکھ کر شیر مادر یا آب دریا سے دھو کر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ دودھ پینے لگے گا اور ضد بھی نہیں کرے گا۔

دشمن نقصان نہ پہنچا سکے

جو شخص ہر جمعہ کی نماز کے بعد اس جگہ باوضو حالت میں یاحی یاقیوم 147 مرتبہ پڑھے وہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن اسے کسی بھی قسم کا نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

قیامت کے دن نور کا تاج نصیب ہو

جو شخص بلاناغہ ہر نماز کے بعد 305 مرتبہ یاحی یاقیوم کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے روز نور کا روشن و منور تاج پہنائے گا اور اسے جنت میں داخل کر دے گا۔

یاسلام

کھانسی سے نجات

بروز بدھ 7 جگہ یاسلام اللہ شافی اللہ کافی لکھ کر ہر ایک کی الگ الگ گولیاں بنالے اور ایک گولی روزانہ پانی سے کھائیں کتنی ہی پرانی کھانسی ہو ختم ہو گی۔

حصول علم

بعد از نماز فجر ایک ہزار مرتبہ اسم یاسلام پڑھنے والا علم کی دولت سے مالامال ہو جائے گا اور عالم و فاضل بن جائے گا۔

قوت حافظہ تیز ہو

بعد از نماز فجر ایک ہزار مرتبہ اسم یاسلام اور 1001 مرتبہ یارحمٰن پڑھے گا اس کا حافظہ تیز ہو جائے گا اور بھولنے کی بیماری بھی

اس سے دور ہو جائے گی۔

مشہور خلائق ہو

اسم یا سلام کے بکثرت ورد کے باعث لوگوں میں بوجہ علم و سخاوت مشہور ہو جائے اور لوگ مطیع و فرمانبردار ہوں۔

مسان کے مرض سے نجات

401 بار اسم یا سلام پڑھ کر سوت کے کچے دھاگے پر دم کریں اور ہر بار گرہ لگاتے جائیں سوت کے بھی 41 تار ہوں رنگ کی قید نہیں یہ گنڈہ حاملہ تا وضع حمل گلے میں پہنے رہے اور جیسے ہی بچہ پیدا ہو فوراً بچے کو نہلائیں دیر ہرگز نہ کریں اور فوراً اسی وقت وہ گنڈا ماں کے گلے سے اتار کر بچہ کو پہنا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ مسان سے محفوظ رہے گا۔

آدھے سر کے درد سے نجات

11 مرتبہ اسم یا سلام پڑھے اور دم کرے کم سے کم 3 یا 7 یا 11 بار اسی طرح پڑھ کر کرے انشاء اللہ تعالیٰ 11 بار کی تعداد پوری ہونے سے قبل ہی آدھے سر کا درد کافور ہو جائے گا۔ یہ عمل پورے سر کے درد کے لئے بھی مفید ہے۔

پورے سر میں درد کے لئے

اسم یا سلام 9 بار پڑھ کر دم کرے اور دریافت کرے کہ درد کہاں ہے اگر باقی ہو تو پھر 9 بار پڑھ کر دم کرے سارے یا نصف سر میں خواہ کیسا ہی درد ہو 3 بار پڑھنے سے جاتا رہے گا۔

برائے استخارہ

15 بار درود شریف پڑھے اور بروز جمعرات یہ عمل کرے کہ غسل کر کے لباس تبدیل کرے، خوشبو لگائے دن میں روزہ رکھے تو زیادہ بہتر ہے۔ 11 بار درود شریف پڑھ کر یابدیع العجائب یا کاشف الغرائب 101 بار پڑھے پھر اسم یا سلام پڑھتا ہوا کلام کئے بغیر سو جائے جو مقصد ہو انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائے گا اور اگر کسی راز کے بارے میں معلوم کرنا ہو تو وہ بھی معلوم ہو جائے گا۔

سلام قولاً من رب رحیم بھی مبنی بر اسم اعظم ہے

عمر بھر دانت محفوظ رہیں

عشاء کے وتر جب پڑھے جائیں تو پہلی رکعت میں بعد الحمد سورۃ اذا جاء' دوسری میں تبت یدا اور تیسری میں سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام قولاً من رب رحیم کا ورد بکثرت کرنے سے دانت عمر بھر ہر تکلیف سے محفوظ رہتے ہیں۔ مضبوط اور کیڑا لگنے سے بھی محفوظ رہتے ہیں۔

پھولے ہوئے گلے کے لئے

یہ مرض اگرچہ مہلک تو نہیں مگر اس سے صورت بدنما ہو جاتی ہے۔ خصوصاً نوعمر لڑکیوں کو یہ مرض اکثر ہوتا ہے۔ سلام

قولاً من رب رحیم مع بسم اللہ شریف لکھ کر گلے میں باندھنے سے گلا کی تمام تکالیف دور ہو جاتی ہیں اور پھولا ہوا گلا بھی درست ہو جاتا ہے۔

برائے اختلاج قلب

سلام قولاً من رب رحیم 101 مرتبہ کسی کھانے یا پینے کی چیز پر اول و آخر درود شریف 33 بار پڑھ کر دم کر کے کھلائے اللہ تعالیٰ شفا دے۔

برائے شیطانی وساوس

سلام قولاً من رب رحیم ہر نماز کے بعد 13 مرتبہ مع درود شریف اول و آخر 3 بار پڑھنے سے شیطانی وسوسے و برے خیالات دور ہو جاتے ہیں۔

جاڑے کے بخار سے نجات

جو کوئی سلام قولاً من رب رحیم کو 11 مرتبہ لکھ کر مثل تعویذ جاڑے کے بخار والے کے گلے میں ڈالے یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر باری سے دو گھنٹے قبل دھو کر پلائے انشاء اللہ فی الفور شفا پائے۔

بخار کا زور ٹوٹ جائے

سلام قولاً من رب رحیم 7 بار پڑھ کر بخار والے پر دم کرے حدت بخار میں نمایاں کمی ہو اور مریض کو سکون حاصل ہو اور اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائے۔

جاڑے کے بخار کے لئے

سلام قولاً من رب رحیم پیپل کے تین پتوں پر 3 دن لکھ کر چٹائیں انشاء اللہ تعالیٰ لرزہ نہ آئے گا بخار سے ایک گھنٹہ قبل چٹانا ضروری ہے۔

ہر قسم کے بخار سے نجات

سلام قولاً من رب رحیم لکھ کر گولی بنا کر گڑ میں لپیٹ کر کھلائے انشاءاللہ شفا ہوگی۔

تپ دق سے نجات

پرانے بخار کے لئے چاہئے کہ [illegible] ات کو مٹی [illegible] ے برتن میں پانی بھر کر شبنم میں رکھ دیں صبح بعد نماز [illegible] الحمد شریف مع بسم اللہ اس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ [illegible] مد شریف کے لام میں ملا کر پوری ایک سانس میں پڑھیں اسی طرح سات

بار پڑھیں پھر آیت الکرسی ایک بار تینوں وقت 3-3 بار اول و آخر درود شریف 3-3 بار پانی پر دم کرے پھر اس پانی کو مریض کے سینہ اور چہرے پر خوب زور سے پوری طاقت سے چھینٹا دیں مریض اگر عورت ہے تو اس کا شوہر یا کوئی ایسا رشتہ دار جو محرم ہو چھینٹا دے اور اگر مرد ہے تو کوئی بھی چھڑک دے اور چھڑکتے وقت سلام قولاً من رب رحیم کہے اسی طرح نو روز بلاناغہ کرے اور دو گھونٹ وہ پانی مریض کو پلادے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی اور بخار اتر جائے گا۔

چیچک سے نجات

نیلا سوت لے کر 11 مرتبہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے اس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ کے آخر میم الحمد میں ملا کر پڑھے اور ہر بار دم کر کے گرہ لگاتا جائے اور سلام قولاً من رب رحیم کہے بعد میں گلے میں ڈالے اور اپنی وسعت کے لائق ایک خوراک یا دو خوراک کھانا تصدق کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی اور مریض صحت مند اور تندرست ہو جائے گا۔

تلی کا درد ختم ہو

بینگن صاف اور سات کانٹے ببول کے لیں اور ہر کانٹے پر 3-3

بار سورۃ قریش مع سلام قولاً من رب رحیم پڑھ کر دم
کرے اس کے بعد 6 کانٹے بینگن کے بیچ میں رکھے اور ایک کانٹا
اس کے اوپر چبھو کر مریض کے اوپر لٹکا دے یعنی جہاں مریض
سوتا ہو اور اکیس روپے کی نیاز حضور غوث اعظمؒ کی دلا دے
انشاء اللہ تلی کا اثر باقی نہ رہے گا۔

خونی و بادی بواسیر سے نجات

ہر روز دو رکعت نماز پڑھے اول رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد
سلام قولاً من رب رحیم ایک بار پڑھیں چند روز ایسا کرنے
سے انشاء اللہ تعالیٰ اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی
پڑھنے کا وقت بعد طلوع آفتاب بہتر ہے۔

ٹلی ہوئی ناف اپنی جگہ واپس آجائے

سلام قولاً من رب رحیم لکھ کر ناف پر باندھیں' موم
جامہ کر لے تو بہتر ہے انشاء اللہ شفا ہو گی اور تکلیف ختم
ہو جائے گی۔

بانجھ پن سے نجات

اچھی قسم کا انار لے کر 4 ٹکڑے کر کے سورۃ یٰسین شریف
پڑھیں اور ہر مبین پر دم کرتے جائیں پھر سورۃ ختم کر کے پاؤ بھر

کشمش اور پاؤ بھر چنے کی دال بھنی ہوئی یا چنے لے کر فاتحہ
ہفت سلطان کی دیں اور سلام قولاً من رب رحیم 41 مرتبہ
پڑھ کر بچوں کو تقسیم کر دیں اور انار عورت کو بعد طہارت
کھلائیں شب کو ہم بستری کریں انشاء اللہ فرزند عطا ہو۔

عورت کے بانجھ پن کے لئے

عورت کو چاہئے کہ بروز جمعرات روزہ رکھے۔ افطار کرتے
وقت اتنا دودھ جتنا پی سکے سات بار سورۃ مزمل شریف پڑھ کر
دودھ پر دم کرے پھر اسی دودھ سے سلام قولاً من رب
رحیم پڑھ کر روزہ افطار کرے اگر دودھ ہضم ہو جائے انشاء اللہ
عورت حاملہ ہو گی اور اگر دودھ ہضم نہ ہو تو صبر کرے۔

حمل کی حفاظت کے لئے

ولو ان قرآن سیرت به الجبال او قطعت بهی الارض
اوکلم بهی الموتی بل لله الامر جمیعاً افلم یئس الذی
کفرو ان لو یشآء الله لهدی الناس جمیعاً
یہ عبارت ہرن کی جھلی پر لکھ کر عورت کو پہنائے خدا تعالیٰ
فضل و کرم سے صاحب اولاد ہو عورت کے لئے ضروری ہے کہ
سلام قولاً من رب رحیم کا بکثرت ورد کرے۔

حمل کی حفاظت

اگر کسی عورت کے کچے حمل گر جاتے ہیں تو سیاہ مرچ اور اجوائن پر 70 بار ثم خلقنا (پارہ 18 رکوع 1) پوری آیت پڑھیں پھر سورۃ الکافرون و سورۃ مزمل 7-7 بار پڑھے پھر الم نشرح 11 بار پڑھ کر دم کرے۔ 7 دانہ مرچ سیاہ اور تھوڑی اجوائن بانجھ عورت کو کھلائیں اور حاملہ تا وضع حمل کھاتی رہے۔ سلام قولاً من رب رحیم کا بکثرت ورد کرنا بھی ضروری ہے۔

یہ عمل بانجھ عورت کے لئے بھی بہت مفید ہے اور اس عورت کے لئے بھی مفید ہے جس کو حمل ہو کر گر جاتا ہو۔

مسان کا خاتمہ

سلام قولاً من رب رحیم 41 بار پڑھ کر سوت کے کچے دھاگے پر دم کریں اور ہر بار گرہ لگاتے جائیں۔ سوت کے بھی 41 تار ہوں، رنگ کی قید نہیں، یہ گنڈہ حاملہ تا وضع حمل گلے میں پہنے رہے اور جیسے ہی بچہ پیدا ہو فوراً بچے کو نہلائیں، دیر ہرگز نہ کریں اور فوراً اسی وقت سات اذانیں 4 سیدھے کان میں 3 الٹے کان میں دے کر وہ گنڈا ماں کے گلے سے اتار کر بچے کو پہنا دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ مسان سے محفوظ رہے گا۔

درد شقیقہ

سلام قولاً من رب رحیم پڑھے اور دم کرے کم سے کم 3 یا 7 یا 11 بار اسی طرح پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ 11 بار کی تعداد پوری ہونے سے قبل ہی ادھے سر کا درد کافور ہو جائے گا۔

یہ عمل پورے سر کے درد کے لئے بھی مفید ہے۔

پورے سر میں درد سے نجات

سلام قولاً من رب رحیم 7 بار پڑھ کر دم کریں اور دریافت کرکے کہ درد کہاں ہے اگر باقی ہو تو پھر 7 بار پڑھ کر دم کرے سارے یا نصف سر میں خواہ کیسا ہی درد ہو 3 بار پڑھنے سے جاتا رہے گا۔

مجرب استخارہ

15 بار درود شرف پڑھے اور ثواب حضرت غوث پاکؒ کی روح کو بخشے۔ بروز جمعرات یہ عمل کرے کے غسل کر کے لباس تبدیل کرے خوشبو لگائے دن میں روزہ رکھے تو زیادہ بہتر ہے۔ 11 بار درود شریف پڑھ کر یا بدیع العجائب یا

كاشف الغرائب 11 بار درود شریف پڑھے پھر سلام قولاً من
رب رحیم پڑھتا ہوا کلام کئے بغیر سو جائے جو مقصد ہو انشاء اللہ
تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

ایک اور استخارہ

اول دوگانہ نماز پڑھیں ثواب حضرت غوث الاعظمؒ کی روح
پاک کو بخشے بعد میں سورۃ کوثر پڑھیں ایک مرتبہ یا رشید
ارشدنی یا علیم علمنی من الحال 360 مرتبہ 47 مرتبہ
سلام قولاً من رب رحیم پڑھیں اور اپنے ہاتھ پر دم کر کے
سو جائیں انشاء اللہ تعالیٰ جو مقصد ہو خواب میں معلوم ہو۔

قضائے حاجات کے لئے

اللهم صل علىٰ محمد و علىٰ ال محمد حبيبك انى
مشتاق بنور جمالك و رسولك يا الله يا الله

وقت ظہر 313 بار پڑھے اور بوقت عشاء سلام قولاً من رب
رحیم 102 مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ حاجت پوری ہو۔ مع بسم اللہ
پڑھیں۔

ظالم دشمن کی ہلاکت

41 بار سورۃ یٰسین دریا کے پاس بیٹھ کر پڑھیں اور ہر بار ایک

اینٹ پر خط لگاتے جائیں اور ہلاکی دشمن کا تصور رکھیں جب 41
بار ختم ہو قبلہ رو ہو کر اس اینٹ کو پانی میں ڈال دیں اور سلام قولاً
من رب رحیم 101 مرتبہ پڑھیں ناجائز عمل کرنے والا اپنے
نقصان کا خود ذمہ دار ہو گا اور آخرت میں جہنمی ہو گا۔

ایک اور مجرب عمل

دس روزہ متواتر سورۃ فیل یعنی سورۃ (الم ترکیف) ہزار بار مع
سلام قولاً من رب رحیم 132 مرتبہ بہ نیت ہلاکت دشمن
پڑھے دشمن ہلاک ہو جائے گا۔

دشمن بیمار ہو

اپنے مرض کو دشمن پر ڈالنے کی نیت سے روٹی پر الف سے ط
تک بہ ترتیب حروف ابجد لکھ کر سورۃ رعد مع سلام قولاً من
رب رحیم پڑھے پھر پانچ کتوں کو کھلائے اور یہ کہے کل واحم
فلاں بن فلاں مز قرا اعضاء ناجائز مقصد کے لئے یہ عمل کرنے
والا آخرت میں جہنم میں ہو گا اور اپنے نقصان کا خود ذمہ دار ہو گا۔

ظالم دشمن کا گھر برباد کرنے کیلئے

50 تنکے مسجد کے کوڑے سے لائیں اور تھوڑی خاک جائے
خراب کی لے اور تنکوں پر سلام قولاً من رب رحیم 50 بار پڑھ

کردم کرے اور جلا کر سب خاک دشمن کے گھر پر ڈالے تو وہ تباہ و
برباد ہو یہ عمل ناجائز کرنے والا اپنے فعل کا خود ذمہ دار ہوگا۔

برائے محبت

سورۃ فاتحہ مع سلام قولاً من رب رحیم 41بار شیرینی پر
دم کر کے کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ جس کو کھلائے گا وہ مطیع و
فرمانبردار ہوگا۔

محبوب حاضر ہو

اول آخر 3-3بار درود شریف مع سلام قولاً من رب رحیم
پڑھے اور درمیان میں 11 مرتبہ سورۃ اخلاص ایک سانس میں
پڑھے پھر یہ پڑھے اللھم صل علی محمد و علی ال محمد
بعدد کل ذرہ مائتہ الف الف۔

محبت زوجین

سلام قولاً من رب رحیم بے تعداد پڑھے عورت سے
شوہر اور شوہر سے عورت محبت کرنے لگیں گے۔

زوجین کے درمیان عمل برائے حب

سورۃ الحمد شریف 101بار مع سلام قولاً من رب رحیم

تنہائی میں پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلانے سے
زوجین میں محبت پیدا ہوگی۔

نارض دوست راضی ہو

سورۃ الحمد شریف مع سلام قولاً من رب رحیم سو
دانہ قلفل گرد پر پڑھتا جائے اور مطلوب کا نام لے کر
جلاتا جائے محبوب بے قرار ہو یہ عمل ساعت مشتری یعنی
بروز جمعرات طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ تک ہے۔
یہ عمل روٹھے ہوئے دوست یا محبوب کو منانے کے لئے بھی
مفید ہے۔

اثرات جادو سے نجات

سورۃ الناس مع سلام قولاً من رب رحیم 20 مرتبہ پڑھے
انشاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا اور سحر ٹوٹ جائے گا۔

جادو کے اثرات سے نجات

سورۃ طٰہٰ مع سلام قولاً من رب رحیم 25 مرتبہ پڑھے
اور دم کرے دم کرے جادو نظر بد سے نجات ہو اور جادو ٹوٹ
جائے اور نظر بد ختم ہو جائے گی۔

مویشی کا دودھ بڑھ جائے

17 بار المتعال یا دردائیل مع سلام قولاً من رب رحیم پڑھ کر مویشی کے کان میں دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ مویشی دودھ زیادہ دے گا۔

دست غیب کا حصول

فرض و سنت فجر کے درمیان روزانہ چالیس تک سلام قولاً من رب رحیم 41 بار پڑھے غیب سے چالیس روپے ملیں۔

استخارہ

15 بار درود شریف پڑھے اور ثواب حضرت غوث پاکؒ کی روح پاک کو بخشے بروز جمعرات یہ عمل کرے کہ غسل کر کے لباس تبدیل کرے خوشبو لگائے دن میں روزہ رکھے تو زیادہ بہتر ہے۔ 11 بار درود پڑھ کر یا بدیع العجائب یا کاشف الغرائب 11 سو بار پڑھے پھر سلام قولاً من رب رحیم پڑھتا ہوا بغیر کلام کئے سو جائے۔

جائز محبت میں دیوانہ کر دے

ایک برتن میں پانی لے کر بیٹھے اور دل میں 7 بار یا بدوح مع

سلام قولاً من رب رحیم اور یاودود پڑھے پھر پانی منہ میں لے کر برتن میں کلی کر دے۔ وہ پانی جس کو پلائے گا وہ اس کی جائزہ محبت میں دیوانہ ہو جائے گا۔

احتلام کا اختتام

رات کو سونے سے پہلے ہر کام سے فارغ ہو کر لیٹ کر ناف پر عمر لکھے 'عمر اس طرح لکھے کہ میم ناف کے سوراخ پر بنے اور سلام قولا من رب رحیم کا ورد کرتا ہوا سو جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ ساری رات شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا اور نہ ہی احتلام ہو گا۔

تسخیر مخلوق

قطب ستارہ کی طرف منہ کر کے اس طرح کھڑا ہو کہ سیدھا پاؤں الٹے پاؤں کے اوپر رہے۔ 11 دانہ مونٹھ سفید رنگ پر گیارہ بار وبالحق انزلناہ وبالحق نزل پڑھ کر کسی مٹی کے برتن میں رکھ کر منہ خوب جام کر کے اپنے گھر میں دفن کرے اور ایک لاکھ پچیس ہزار بار سلام قولاً من رب رحیم پڑھ کر اس کا ثواب سرور عالم ﷺ کی روح پاک کو بخشے پھر جس قدر ممکن ہو روزانہ پڑھے' کبھی ناغہ نہ کرے مخلوق مطیع ہو اور اچھے اخلاق سے پیش آئے۔

لقوہ کے مرض سے نجات

مرض لقوہ ایک موذی مرض ہے رگوں میں خشکی کی وجہ سے خون کا دوران کم ہو جاتا ہے جس سے ایک جبڑہ کھینچ جاتا ہے اور منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے اس کے لئے لوہے کی پلیٹ پر سورۃ زلزال شریف مع سلام قولاً من رب رحیم کندہ کرا کے دیکھتے رہنے سے یہ مرض جلد دور ہو جاتا ہے۔

بفضل خدا شفا عطا ہوگی اور کھنچا ہوا جبڑہ اپنی جگہ پر آجائے اور خون کا دوران بھی زیادہ اور متواتر ہو جائے گا۔

فالج کے مرض سے نجات

جب بھی مریض کو شہد دیں تو اول آخر 11-11 مرتبہ درود شریف اور 41 مرتبہ اللہ شافی اللہ کافی مع سلام قولاً من رب رحیم پڑھ کر مریض کو شہد دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ صحت مند اور تندرست ہو جائے گا۔

کھانسی سے نجات

بروز بدھ 7 جگہ سلام قولاً من رب رحیم لکھ کر ہر ایک کی الگ الگ گولیاں بنالے اور ایک گولی روزانہ پانی سے کھلائے کتنی ہی پرانی کھانسی ہو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ختم

ہو جائے گی۔

درد شقیقہ اور پورے سر کے درد سے نجات

اوسطوخودوس ایک تولہ گول مرچ سفید ایک تولہ دونوں کو باریک پیس کر سفوف بنا کر شیشی میں محفوظ کرلیں اور 7 روز تک اس پر سلام قولاً من رب رحیم 77 مرتبہ پڑھ کر دم کرتے رہیں۔

خوراک 2 ماشہ یہ سفوف اطریفل کشنیز ایک تولہ میں ملا کر سوتے وقت گرم پانی سے کھالیا کریں کیسا ہی درد ہو اور کتنے ہی دنوں کا کیوں نہ ہو دو ہفتہ دوا کھانے سے بالکل آرام ہو جاتا ہے۔

آنکھوں اور کانوں کے درد سے نجات

تخم دھتورہ سیاہ' ریوند چینی' سونٹھ' گولھول کو باریک پیس کر گولیاں چنے کے برابر بنا کر رکھ لیں اور ان گولیوں پر 10 روز تک روزانہ ہر نماز کے بعد سلام قولاً من رب رحیم ایک دفعہ پڑھ کر دم کر دیں تو درد سر' درد چشم' درد قولنج کان کا درد وغیرہ میں صرف ایک گولی کھانا انجکشن کا کام کرتی ہے۔

اس کے علاوہ لور بھی بہت سی بیماریوں میں کارآمد ثابت ہوئی ہیں یہ گولیاں جس قدر باریک ہوں گی اتنی ہی زیادہ کارآمد ہوں گی'

اگر گولیاں بنا کر 41 مرتبہ سورۃ یٰسین مع سلام قولاً من رب رحیم
پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں تو قریب قریب ہر مرض میں مختلف
بدرقوں کے ساتھ استعمال کر کے نفع حاصل کیا جاسکتا ہے۔

برائے قوت بصارت

سرمہ دانی میں ایک لونگ مع پھول کے ڈال دیں اور روزانہ
اس پر 132 مرتبہ سلام قولاً من رب رحیم پڑھ کر دم کرتے
رہیں پھر ایک ماہ کے بعد اسے نکال لیں انشاء اللہ عمر بھر آنکھ
میں کوئی شکایت نہ ہوگی اور نظر کمزور نہ ہوگی ہر ماہ لونگ تبدیل
کر دیا کریں اور وہی سرمہ روز لگایا کریں۔

دانت درد سے نجات

سلام قولاً من رب رحیم تین بار پڑھ کر اپنی انگلی پر دم
کر کے دانتوں پر ملیں انشاء اللہ تعالیٰ درد رفع ہو جائے گا۔
اگر کسی قسم کے منجن پر پڑھے اور اس پر عمل کرے تو دانتوں
کی تکلیف سے ہمیشہ محفوظ رہے۔

بخار سے نجات

سات تار کچے سوت کے لے کر اس پر چاروں قل پڑھ کر گرہ
لگائے اور گرہ لگاتے وقت سلام قولاً من رب رحیم کہے اور

مریض کا نام لے اسی طرح چودہ بار چاروں قل پڑھے اور چودہ
گرہ لگائے اور بخار والے کے گلے میں ڈالے اللہ تعالیٰ کی قدرت
سے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء کامل حاصل ہو۔ اگر بعد از نماز ظہر یہ
گنڈہ تیار کرے تو زیادہ موثر ہے۔

قے سے نجات

سورۃ طارق مع سلام قولاً من رب رحیم پڑھ کر کسی کھانے
پینے کی چیز پر دم کر کے کھلا پلا دینے سے قے نہیں آئے گی
اور دل کی گھبراہٹ بھی ختم ہوگی۔

درد گردہ سے نجات

سونف، تخم خربوزہ، چھوٹا گوکھرو، تینوں دوائیں ایک ایک
تولہ لے کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں پھر سل پر پانی ڈال
کر دواؤں کو باریک پیس کر شیرہ نکالیں اور چھان کر قدرے شکر ملا
کر شربت بنالیں پہلے ایک عدد بڑی ہڑ کا مربہ کھائیں، اس کے
دس منٹ بعد یہ شربت نیم گرم کر کے سلام قولاً من رب رحیم
پڑھ کر پی لیں انشاء اللہ 3 دن اور زیادہ سے زیادہ 7 دن میں
پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستہ خارج ہو جائے گی
اور درد کافور ہو جائے گا۔

بواسیر سے نجات

استنجا کرنے کے بعد بواسیری مسے کو پکڑ کر سلام قولاً من رب رحیم دل میں پڑھے اور پھر ہاتھ پر دم کرے اور پھر ہاتھ کو مسے پر پھیرے انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر کے لئے کافی مفید ہے۔

سوکھا کی بیماری سے نجات

ہنگہ پان ایک عدد، برگ مکو ساڑھے تین عدد ہفتہ میں تین پان پنجشنبہ شنبہ سہ شنبہ باریک پیس کر اس پر سلام قولاً من رب رحیم 111 مرتبہ پڑھ کر مالش کر کے 15 منٹ کے بعد گرم پانی سے روئی کے ذریعے دھوئے ہر روز گر تابدل دے۔

ماں کا دودھ زیادہ ہو جائے

اگر ماں کے دودھ کم آتا ہو یا آتا ہی نہ ہو تو سلام قولاً من رب رحیم 41 مرتبہ لکھ کر تانبے کی رکابی پر کندہ کرا کے مریضہ کو دے اور ہدایت کردے کہ جو چیز کھائے اسی میں کھائے اور بہتر ہوگا کہ بوہلے کی کھیر پکا کر اسی رکابی میں کھائے جائے مغز خربوزہ کی کھیر بھی فائدہ پہنچاتی ہے۔

مشکل آسان ہو

اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آجائے تو سلام قولاً من رب رحیم 1001 مرتبہ مع درود شریف اول و آخر 11-11 مرتبہ پڑھے۔

خواب میں حل معلوم کرنا

اول دوگانہ نماز پڑھے ثواب حضرت غوث الاعظمؒ کی روح پاک کو بخشے بعد میں سورۃ کوثر ایک مرتبہ پڑھے پھر سلام قولاً من رب رحیم 360 مرتبہ پڑھے اور اپنے ہاتھ پر دم کر کے سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ جو مقصد ہو خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

متفرقات

شفاعت نبی کریمؐ نصیب ہو

بسم اللہ شریف کے ساتھ سورۃ الملک پڑھنے والے کی شفاعتؐ ہوگی اور اس کی شفاعت قبول کی جائے گی اور وہ بخشا جائے گا۔

دلی مراد پوری ہو

جو شخص سورۃ اخلاص کے ساتھ اسم یارحمٰن بکثرت پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی دلی مراد پوری فرمائے گا۔ اس کے رزق میں برکت عطا فرمائے گا اور اس کے کاروبار میں بھی ترقی عطا فرمائے گا۔

گھر جنت میں ملے

جو شخص سوتے وقت داہنی کروٹ لیٹے اور دس یا بیس بار قل شریف کے ساتھ 40 مرتبہ اسم یارحیم پڑھ کر سوئے تو اللہ اس کا گھر جنت میں قائم کر دیتا ہے۔

مصیبت سے نجات

جو شخص سورۃ مزمل اور بسم اللہ شریف کو مصیبت اور غم کے عالم میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ کے حکم اور سورۃ مزمل کے فضل سے اس کی وہ مصیبت اور غم دور ہو جائے گا۔

رزق میں زیادتی

سورۃ القدر کے ساتھ روزانہ بسم اللہ شریف کا ورد باوضو حالت میں 21 بار یا 40 بار کرنے سے رزق میں برکت ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ غیبی طریقوں سے اس شخص کی مدد فرماتا ہے۔

زہریلی پھنسی کے لئے

بعض وقت ہونٹ یا ناک پر اول خفیف سی زہریلی پھنسی ہوتی ہے ہنٹ پر ہو تو اس کا زہریلا اثر انتڑیوں تک بھی ہو جاتا ہے اور منہ میں چھالے ہو جاتے ہیں بعض بچے اس سے ہلاک ہو جاتے ہیں اور لوگوں کو گاہے گاہے ہونٹ یا ناک پر زہریلی پھنسی اکثر

نکلا کرتی ہے اور بہت تکلیف دیتی ہے اس کے لئے یہ عمل خاص
بہت مجرم ہے اللہ کریم شفا دیتا ہے ایک چمڑے کی جو پاک ہو
پتلی بدھی لے کر یہ عمل پڑھیں۔

باوضو اول درود شریف 3 بار پھر بسم اللہ شریف اور الحمد
شریف ساری پڑھ کر ایک گرہ اس چمڑے کی بدھی میں دیدیں
اور گرہ پر دم کریں۔اس طرح سات گرہ بنائیں۔یہ بدھی مریض
کے گلے میں پہنائیں جس کو ہمیشہ بھی نکلتی ہو اس کو بھی انشاء اللہ
پھر نہ نکلے گی اور جس کو نکلی ہو اس کو صحت اور تندرستی عطا ہوگی
اور پھر کبھی بھی ایسی خبیث پھنسی ہونٹ یا ناک پر نہیں نکلے گی اور
نہ ہی اس کا زہر پھیلے گا۔

خنازیر سے نجات

سورۃ الحمد شریف 41بار مع بسم اللہ اور اسم یاسلام کے آخری
میم کے وصل سے (ملحمد)40روز صبح کی نماز کے بعد پڑھ کر پانی
پر دم کر کے پلایا کریں انشاء اللہ مرض دور ہوگا اور خنازیر سے
شفاء ہوگی۔

نکسیر سے نجات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم انگشت شہادت سے لکھتا ہوا ناک

سے سر پر لے جائے 3بار ایسا ہی کرے انشاء اللہ تعالیٰ خون بند
ہو جائے گا۔

جملہ حاجات کے لئے

یہ دعا عجیب و غریب ہے ہر مطلب کے لئے کافی ہے۔چاہئے
کہ روز جمعہ بعد نماز عصر کسی سے بات نہ کرے اور اسی طرح قبلہ
رو بیٹھا رہے اور آنکھیں بند کر کے حضور قلب زبان و دل سے بے
تعداد یا اللہ یارحمٰن پڑھتا رہے جب آفتاب غروب ہو دعا مانگ کر
نماز مغرب ادا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کام پورا ہو۔

محبت و جائز مراد حاصل ہو

اللہ الصمد 1001بار یا اللہ 1002بار اول آخر درود شریف
11-11بار پڑھے انشاء اللہ العزیز منزل مقصود تک ضرور پہنچ
کر کامیاب و بامراد ہوگا۔حب کے لئے پان پر لکھ کر کھلائے یا
پڑھنے کے بعد کسی چیز پر دم کر کے کھلا دے۔انشاء اللہ محبت میں
دیوانہ ہو۔

رزق کی تنگی سے نجات

بعد نماز عشاء وتر سے قبل دو رکعت نفل پڑھے بعد میں یا
لطیف سو بار اور 100بار یا اللہ اول و آخر درود شریف 11-11بار

پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کر کے سینے پر گردن کے نزدیک
داہنے بائیں ہاتھ پھر لیا کرے، فراخی رزق کے لئے یہ تینوں عمل
مجربات سے ہیں۔

سانپ کے زہر کا اثر زائل کرنے کیلئے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا موسیٰ فالقھا فاذا ھی
جنتہ تسعی قال خذھا ولا تخف سنعید ھا سیرتھا الاولی
بعد نماز جمعہ قطب یعنی شمال کی طرف منہ کر کے دوزانو بیٹھ کر اول و
آخر درود شریف 11-11 بار پڑھے اور یہ آیات گیارہ سو مرتبہ
پڑھے، اسی طرح گیارہ جمعہ کرلے یعنی ہر جمعہ کو گیارہ جمعے تک
پڑھتا رہے بعد میں روزانہ 11 مرتبہ آیت بالا اول و آخر 11-11 بار
درود شریف پڑھتا رہے تاکہ عمل باقی رہے، اگر کسی دن ناغہ ہو گیا
تو عمل ہاتھ سے جاتا رہے گا/ اول آیت لکھی جاتی ہے بعد میں
ترکیب لکھی جائے گی کہ کس طرح سانپ کا زہر اتارا جائے زہر
شدہ شخص اسم یااللہ یارحمٰن یاسلام کا بکثرت ورد کرے۔

زہر اتارنے کی ترکیب

جس وقت مار گزیدہ عامل کے پاس آئے یا عامل بلایا جائے چاہئے
کہ سب سے پہلے فاتحہ پڑھے۔

فاتحہ پڑھنے کے بعد ایک ایک بار اول و آخر درود شریف بیچ میں یہ
آیت جو عامل کے عمل میں ہے اپنی انگشت شہادت پر دم کر کے
مثل قلم کے اپنے الٹے ہاتھ کی ہتھیلی پر رکھے رکھے گیارہ بار درود
شریف پڑھے پھر مار گزیدہ کی پیشانی پر مع بسم اللہ آیت مذکور لکھے
جب آخر حرف لکھ کر ختم کرے وہاں انگلی کو رکھے رہے ہٹائے نہیں
اور یہی آیت دس بار مع اول آخر 11-11 بار بسم اللہ لکھ کر دے۔
ہدایت کر دے کہ مریض بار بار اسی کو دیکھتا رہے اور دوران اور
ایک دن تک ہرگز ہرگز سوئے نہیں۔
اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے شفا عطا ہو گی اور مریض صحت
مند اور تندرست ہو جائے گا۔

محبت کا ایک اور عمل

الف سے ط تک یہ ترتیب ابجد انڈے پر لکھ کر مطلوب اور اس
کی ماں کا نام لکھے اور بعد ولقد علمت الجنتہ انھم لمحضرون کے اعداد لکھے
پھر ہلکی آگ میں دفن کر دے 3 یا 7 دن میں کام ہو۔ عالم کے لئے
ضروری ہے کہ وہ یااللہ اور یاودود کا ورد بکثرت کرے۔

دانت درد ہو تو

ف رع ون غ رق ش د (فرعون غرق شد) کے ساتھ یااللہ

اللہ شافی اللہ کافی پڑھ کر رخسار پر کلمہ کی انگلی سے یہ حروف لکھے' تین مرتبہ کے لکھنے سے انشاء اللہ درد دور فع ہو گا۔

برائے اسقرار حمل

بعد غسل حیض تین دن روٹی پر یااللہ یارحمٰن یارحیم یامصور اوریا خالق پڑھ کر کھائے پھر شب کو ہم بستر ہو استقرار حمل کے لئے بہترین عمل ہے۔

برائے بے انتہا امساک وقوت باہ

ایک تربوز پختہ اور بڑا لے کر بیچ سے دوپارہ کریں۔ ایک ٹکڑا علیحدہ رکھیں اور دوسرے ٹکڑے کو گودے سے خالی کر کے صندل سفید 2 ماشہ طباشیر 2 ماشہ پیس کر باریک کر کے خالی ٹکڑے میں چاروں طرف بچھادیں۔ اس کے اوپر سے کشمش جتنی آسکے بھر دیں۔ اس کے بعد دوسرا ٹکڑا جو علیحدہ رکھا ہے اس کے اوپر رکھ کر خوب مضبوطی کے ساتھ کسی چیز کے ساتھ باندھ دیں اور آفتاب کے سامنے دس روز دھوپ میں رکھیں' دن میں دھوپ میں رکھیں اور رات کو سایہ میں رکھ دیں۔

بعد دس یوم کے کھول کر جو کچھ برآمد ہو اسے کپڑے میں چھان کر شیشے کے برتن میں سنبھال کر رکھ لیں اور اس پر 11

مرتبہ 3 روز تک یاقہار یاجبار یااللہ یاقادر بسم اللہ سمیت پڑھ کر دم کریں۔

ہر روز نہار منہ دو ماشہ کھالیں کریں پھر قدرت الٰہی کا کرشمہ دیکھیں مگر شراب و نشہ آور چیزوں سے پرہیز کریں ورنہ یہ دوا اثر نہیں کرے گی۔

مستجاب الدعوات

اسم یامالک یاملک یارحمٰن یارحیم جو شخص ان اسمائے اعظم میں سے کسی ایک کو آٹھ ہزار ایک سو (8100) مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہو گی۔

مفلسی و بے روزگاری سے نجات

تنگدستی و بے روزگاری دور کرنے کے لئے یاملک 90 بار اوریا مالک 91 بار روزانہ پڑھے تو خلق سے بے نیاز ہو اور دولت دنیا اس کی جانب رجوع کرے۔

رتبہ اور عزت میں اضافہ ہو

اگر اسم ملک کو اسم قدوس کے ساتھ ملا کر یعنی ملک القدوس 260 مرتبہ پڑھا جائے تو خلق کی نظروں میں عزت واقبال بلند ہو گا اور ہر کوئی عزت کی نگاہ سے دیکھے گا۔

روشن دل ہو

اگر اسم ملک کو اسم قدوس کے ساتھ ملا کر یعنی ملک القدوس 90 بار پڑھا جائے تو دل منور وروشن ہو جائے گا۔

برائے ملکوتی صفات

جو کوئی اسم یاقدوس کو بعد نماز جمعہ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھائے ملکوتی صفات پیدا ہو جائیں گی۔

ظالم دشمن سے خوف نہ کھائے

جب دشمن کے خوف سے بھاگنے کے سوا اور کوئی چارہ نہ ہو تو اسم یاقدوس کے ساتھ اسم یارحمٰن بکثرت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا خوف دور ہو جائیگا اس کے اور دشمنوں کے درمیان حصار قائم ہو جائے گا یا ان کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے گا۔

قلب میں ایمان کی روشنی

جو کوئی روزانہ ایک سو چھتیس بار یارحمٰن پڑھے قلب میں ایمان کی لہریں موجزن ہو جائیں گی۔

بدگوئی سے نجات

اگر کوئی اسم یارحمٰن کو ایک ہزار ایک سو بتیس (1132) مرتبہ

پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کی بدگوئی اور امراض خبیثہ سے محفوظ رکھے گا۔

دشمنوں کو مطیع کرنا

اسم یاجبار کا بکثرت ورد کرنے سے دشمنوں کے دلوں میں آپ کا رعب اور دشمنوں کے قلب مرعوب ہو جائیں گے۔

دشمن زیر ہو

اگر اسم یاعزیز یامعز یاجبار یاقہار کو چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھ کر پہنے تو دشمن پر غلبہ و تفوق حاصل ہو۔

فرزند صالح کا حصول

اکثر مباشرت سے پہلے اسم یاکبیر یامتکبر کو دو دو مرتبہ پڑھ لے تو پروردگار عالم فرزند صالح و نیک عطا فرمائے گا۔

عزت و بزرگی حاصل ہو

اگر کوئی شخص دو سو بتیس مرتبہ روزانہ اسم یاکبیرؒ کو پڑھے تو و بزرگی و عزت و وقار حاصل کرے گا۔

فساد سے نجات

اگر کسی شخص کے سلاطین یا بادشاہ سے اچھے تعلقات ہوں ل

کوئی شخص ان تعلقات میں فساد پیدا کرتا ہو یعنی کوئی ان تعلقات میں مخل ہو یا حکام کو برگشتہ کردیتا ہو یا ایسا اندیشہ ہو تو اسم یا خالق کی بکثرت تلاوت کی برکت سے تمام درمیانی نقصانات دور ہوں اور جملہ حالات بہتر ہو جائیں۔

اولاد کی محرومی دور ہو

جو شخص اولاد و فرزند سے محروم ہو یا تنگی رزق کا شکار ہو تو وہ اسم یا خالق یا باری یا مصور کا بکثرت ورد کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اسے اولاد عطا ہو گی اور رزق میں اضافہ ہو گا۔

بے انتہا ثواب کے لئے

جو کوئی ہر وقت اٹھتے بیٹھے کھاتے پیتے جاگتے اسم یا خالق یا رحمٰن کا ورد کرے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پید کرے گا اور وہ فرشتہ اس کے لئے تا قیامت عبادت میں مشغول رہے گا اور پڑھنے والے کا چہرہ نورانی کردے گا اور اس کی مغفرت کی دعا کرے گا۔

پاکیزہ نفس

جو شخص ایک ہزار مرتبہ روزانہ یا لطیف بہ پابندی شرائط خلوت میں پڑھے تو نفس میں پاکیزگی اور طبیعت میں انکساری اور نیک نیتی پیدا ہو جاتی ہے۔

عذاب قبر سے نجات

جو کوئی ہفتہ میں 100 بار اسم یا باری پڑھے حق تعالیٰ اس کو قبر میں نہ چھوڑے گا بلکہ ریاض الجنہ میں لے جائے گا۔

نیک اولاد کا حصول

اگر کوئی شخص بے اولاد ہو تو سات دن روزہ رکھے اور افطار کے نزدیک 21 مرتبہ یا مصور پڑھے اور پانی پر دم کر کے بیوی کو پلادے انشاء اللہ تعالیٰ نیک فرزند پیدا ہو گا۔

فاقہ کشی سے نجات

جو کوئی فقر و فاقہ میں مبتلا ہو تو یا رحمٰن کو پڑھے اور 100 مرتبہ لکھ کر پاس رکھے حق تعالیٰ اس کو اتنا دے گا کہ وہ حیران رہ جائے گا۔

حاجت درپیش ہو تو

اگر کوئی حاجت اہم ہو تو نصف شب کو وضو کرے اور تین بار سجدہ کرے اور ہر سجدہ میں سوبار واوہاب کا دورہ کرے اس طرح کہ ہاتھ کی ہتھیلیاں اوپر کو رہیں مثل دعا کے انشاء اللہ تعالیٰ پہلی شب میں ہی حاجت پوری ہو ورنہ تین شب یہی عمل کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ درپیش حاجت بر آئے گی۔

روزی غیب سے

جو کوئی اسم یا رزاق کا ہر وقت ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اسے خزانہ غیب سے روزی عطا فرمائے گا۔

مفلسی دور ہو

صبح صادق کے بعد فجر نماز فجر سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں پر کھڑے ہو کر دس بار اسم یارزاق تلاوت کرے تو کبھی اس کے گھر میں ضعف اور مفلسی نہ ہو طریقہ یہ ہے کہ گھر میں قبلہ رخ کھڑا ہو اور داہنے ہاتھ کے گوشے سے شروع کرے اور اس کونے سے دوسرے کونے تک اس طرح جائے کہ قبلہ سے رخ نہ پھرے اور ہر گوشہ میں قبلہ رخ ہی کھڑے ہو کر یہ اسم پڑھے۔

کشادہ رزق کا حصول

جو شخص روزانہ تین سو آٹھ مرتبہ اسم یارزاق بعد از نماز فجر پڑھ لیا کرے تو رزق کشادہ ہو۔

دل ایمان کی روشنی سے منور ہو جائے

اگر کوئی شخص اپنے دل کو ایمان کی روشنی سے منور کرنا چاہے تو اسے چاہئے کہ وہ ہر جمعہ کی شب ک روٹی کے 21 ٹکڑوں پر اسم یا رحمٰن یارحیم یاباری یالطیف پڑھ کر کھائے انشاءاللہ تعالیٰ دل دین و

ایمان کی روشنی سے منور روشن ہو جائے گا۔

تسخیر خلائق

جو شخص جمعہ کے روز بعد از نماز جمعہ روٹی کے 20 ٹکڑوں پر یا ودود یارحمٰن یا سلام لکھ کر کھائے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے خلق کو مسخر کر دے گا۔

ملازمت مل جائے

اگر کسی شخص کو ملازمت نہ ملتی ہو اور وہ روزگار کی تلاش میں ہو تو اسے چاہئے کہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور نماز کے بعد 182 مرتبہ یالطیف پڑھ کر حصول روزگار کے لئے دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ دعا قبول ہو گی۔

غربت و بیماری سے نجات

اگر کسی شخص کے گھر میں غربت اور بیماری نے بسیرا کر لیا ہو تو اسے چاہئے کہ بلاناغہ 7 روز تک ہر نماز کے بعد اسم یارزاق یارحمٰن یا رحیم یا سلام 112 مرتبہ پڑھ کر دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ غربت اور بیماری بھاگ جائیں گی۔

مرض ہر قسم دور ہو

اگر کوئی شخص بیمار ہو تو اس کے سرہانے کے نیچے ایک مرتبہ

سورۃ فاتحہ کے ساتھ 10 مرتبہ اسم یا حلیم یا لطیف یا رحمٰن یا اللہ لکھ کر رکھ دیا جائے تو وہ جلد صحت یاب ہو جائے گا اور جس مرض میں مبتلا ہو وہ پھر اس میں مبتلا نہیں ہو گا۔

چشم خلائق میں عزت بڑھے

جس شخص کو لوگ بہ نظر حقارت دیکھتے ہوں بوجہ غربت و افلاس تنگی رزق و بے روزگاری یا کم علمی کے تو اسے چاہئے کہ ہر روز نماز کے بعد 117 مرتبہ اسم یا عظیم یا شکور یا ودود یا رحمٰن کا ورد کرے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ حاصل ہو گا۔

قوت بصارت تیز ہو

اگر آنکھوں کی روشنی کم ہو جائے یا بصارت ختم ہو جائے تو اسم یا رحمٰن یا رحیم یا اللہ یا سلام کو بلاناغہ 7 دن تک 41 مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر دم کرے اور منہ پر ڈالے اور آنکھوں پر ملے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ حاصل ہو گا۔

غریب و مفلسی کی بجائے مالدار

اگر کوئی شخص غریب و مفلس ہو تو اسے چاہئے کہ وہ اسم یا رزاق یا رحمٰن یا رحیم یا سلام یا اللہ کا ورد ہر نماز کے بعد 212 مرتبہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ روزی کے نئے نئے راستے کھل جائیں گے اور وہ

شخص غربت و مفلسی سے چھٹکارہ حاصل کر لے گا۔

بدکار بیوی کو راہ راست پر لانے کیلئے

اگر کسی شخص کی بیوی بدکار یا بدکلام ہو تو اس شخص کو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد 77 مرتبہ یا حسیب یا ذوالجلال والاکرام پڑھ کر بیوی کی طرف منہ کر کے پھونک مار دے اور پھر اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ دیکھے۔

شوہر راہ راست پر آجائے

اگر کسی عورت کا شوہر اس پر ظلم کرتا ہو یا حق زوجیت ادا نہ کرتا ہو تو اس عورت کو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد اسم یا مقسط یا عظیم یا رحمٰن یا اللہ 1001 مرتبہ پڑھے اور اپنے حق میں دعا کرے اور شوہر کو راہ راست پر لانے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ 7 دن کے اندر شوہر بیوی پر دل و جان سے فریفتہ ہو جائے گا۔

حل المشکلات مع اسم اعظم

جو اس دعا کو روزانہ بعد نماز فجر و بعد نماز عصر 11-11 بار (مع اول و آخر) 11 بار درود شریف پڑھے گا اس کو گیارہ فائدے ہوں گے یعنی ہر مشکل آسان ہو' سب پریشانیاں دور ہوں' ایمان سلامت رہے' اللہ تعالیٰ ہر جگہ مدد فرمائے' دشمن برباد ہوں' حاسد اپنی آگ

میں جلیں، نزع آسان ہو، قبر میں شاداں ہو، نیکیوں کا پلہ بھاری ہو، قرضے سبکدوشی ہو، اگرچہ پہاڑ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

اس دعا میں اللہ تعالٰی کے وہ نام بھی شامل ہیں جنہیں اسم اعظم کے طور پر پڑھا جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ العجز و الکسل و اعوذبك من الجبن والبخل و اعوذبك من غلبته الذین و قھر الرجال ط اللھم اکفنی کل مھم من حیث شء و من این شئت حسب اللہ لدینی حسبی اللہ لدنیای حسبی اللّٰہ لما اھمنی حسبی اللہ لمن بعی علی حسبی اللہ لمن حسد فی حسبی اللہ لمن کادنی بسوء حسبی اللہ عند الموت حسبی اللہ عند.المسئلته فی القبر حسبی اللہ الذی لا الہ الا ھو علیہ توکلت و ھو رب العُرش العظیم ط

یہ دعا پڑھنے کے بعد کسی قسم کی بھی دعا کی جائے تو وہ انشاء اللہ تعالٰی پوری ہو گی۔

عظیم اینڈ سنز کی عظیم کتابیں